جدید سکیم کے مطابق

حساب کی کتاب

حصّہ اوّل و دوم

مصنّفہ

لالہ دیو دیال صاحب بی - اے
پروفیسر ریاضی ڈی - اے - وی کالج لاہور و فیلو پنجاب یونیورسٹی

و

لالہ رشو دیال صاحب ایم - اے
اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ کالج لاہور

جس کو

جناب ڈائرکٹر صاحب بہادر سررشتہ تعلیم پنجاب و ٹیکسٹ بک کمیٹی پنجاب نے تمام پرائمری سکولوں کی پہلی و دوسری جماعتوں کے واسطے ٹیکسٹ بک منظور فرمایا

رائے صاحب منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز
ایجوکیشنل پبلشرز

۱۹۱۹ء

تعداد جلد ..... وقعہ ۹ قیمت فی جلد ۵ پائی

اِعرابوں کے قاعدے

مِثالیں	قاعدے	نمبر شُمار
گھر	مخلُوطا ہے دو چشمی لِکھّی گئی	۱
ہنسا۔ نہیں	نُونِ غُنّہ جو لفظ کے درمیان ہے۔ اُس پر اُلٹا جزم دِیا ہے۔ اور جو آخر میں ہے۔ اُس میں نُقطہ نہیں دِیا	۲
بھلی	یاےِ معرُوف جو لفظ کے آخر ہے۔ وُہ دائرے کی لِکھی گئی ہے	۳
کے۔ ہے۔ گاے۔ اُڑا	یاےِ معرُوف کے سِوا باقی سب یے لمبی لِکھی گئیں	۴
خُود۔ خویش	جو واؤ بولی نہیں جاتی۔ اُس کے نیچے آڑی لکیر ہے	۵
ہمالیہ۔ روپیہ۔ زیور۔ غور۔ سَیر	حرفِ مفتُوح پر وہیں زبر لکھّا ہے۔ جہاں واؤ یا یے کے معرُوف اور مجھُول ہونے کا شُبہ پڑتا ہے	۶

فہرستِ مضامین

ایک ۱
دو ۲
تین ۳
چار ۴
پانچ ۵

چھ ۶

سات ۷

آٹھ ۸

نو ۹

دس ۱۰

حساب کی کتاب

حصۂ اوّل

پہلی جماعت

کے واسطے

عددوں کا لکھنا اور پڑھنا

۱ ایک اکیلی چیز کو اکائی کہتے ہیں۔ جیسے ایک قلم۔ ایک لڑکا۔ ایک سلیٹ +

جتنی دفعہ اکائی کو لیا جائے۔ اُسے عدد کہتے ہیں۔ جیسے چار گھوڑے۔ پانچ بیل +

حساب وہ علم ہے۔ جس میں عددوں کا استعمال اور اُن سے گننا سکھایا جائے +

ایک گولی ایک نارنگی ایک خانہ ایک ۱

دو گولیاں دو امرود دو خانے دو ۲

تین گولیاں تین خانے تین ۳

چار گولیاں چار خانے چار ۴

پانچ گولیاں پانچ خانے پانچ ۵

چھ گولیاں چھ خانے چھ ۶

دو سے مُراد ایک اور ایک یا
دو اکائیاں ہے۔ یا ۲ = ۱ + ۱
علامت + سے یہ مُراد ہے۔ کہ جن دو
عددوں کے درمیان یہ علامت لکھی ہو۔
اُن کو جوڑتا ہے +
علامت = سے یہ مُراد ہے۔ کہ جن دو
عددوں کے درمیان یہ علامت لکھی ہو۔
وہ قیمت میں آپس میں برابر ہیں۔ اس
کو یوں پڑھتے ہیں۔ "مساوی ہے"
جیسے ۲ = ۱ + ۱ اس کو یوں پڑھیں گے۔
"دو مساوی ہے ایک جمع ایک کے" +
تین سے مُراد دو
اور ایک یا تین
اکائیاں ہے یا ۳ = ۱ + ۱ + ۱ = ۲ + ۱
۳ - ۱ = ۲ اور ۳ - ۲ = ۱ +
یہ علامت - جس عدد کے پہلے لکھی ہو۔
اُس سے یہ مُراد ہوتی ہے۔ کہ اس عدد

کو گھٹایا گیا ہے - اِسے نفی کی علامت
کہتے ہیں +

۳-۱ سے یہ مُراد ہے - کہ ۳ میں سے
۱ کو گھٹاؤ - اِس کو یُوں پڑھتے ہیں -
"تین نفی ایک" +

چار سے مُراد تین اور ایک یا چار اِکائیاں
ہے - یا ۴ = ۱+۱+۱+۱ = ۲+۱+۱ = ۳+۱
= ۲+۲ اور ۴-۱ = ۳ و ۴-۲ = ۲ و ۴-۳ = ۱

دو کا دُگنا چار - یا
دو دُونی چار یعنی
۲ × ۲ = ۴ +

۲ ۲
۲ ۲

علامت × سے یہ مُراد ہے - کہ جن دو
عددوں کے درمیان یہ علامت لکھی ہو -
اُن کو آپس میں گُنا کرنا ہے - جیسے ۲×۲=۴
اِس کو یُوں پڑھیں گے - "دو کا دُگنا چار" +

پانچ سے مُراد چار اَور ایک یا پانچ اِکائیاں ہے۔ یا ۵ = ۱ + ۱ + ۱ + ۱ + ۱ = ۴ + ۱
= ۳ + ۱ + ۱ = ۳ + ۲ = ۲ + ۲ + ۱
اَور ۵ - ۱ = ۴ و ۵ - ۲ = ۳ و ۵ - ۳ = ۲
و ۵ - ۴ = ۱ +

چھ سے مُراد پانچ اَور ایک یا چھ اِکائیاں ہے۔ یا ۶ = ۱ + ۱ + ۱ + ۱ + ۱ + ۱ = ۵ + ۱
= ۴ + ۲ = ۳ + ۲ + ۱ = ۳ + ۳
= ۲ + ۲ + ۲ +
۶ - ۱ = ۵ و ۶ - ۲ = ۴ و ۶ - ۳ = ۳
و ۶ - ۴ = ۲ و ۶ - ۵ = ۱ +

۳ دو کا تگنا چھ یا تین دُونی چھ

۲ تین کا دُگنا چھ یا دو تیئے چھ

یا ۲ × ۳ = ۶ ۔۔۔ ۶ ÷ ۲ = ۳

۳ × ۲ = ۶ ۔۔۔ ۶ ÷ ۳ = ۲

جس عدد کے پیچھے یہ علامت ÷ لکھی ہوتی ہے۔ اس سے یہ مراد ہوتی ہے۔ کہ یہ عدد پہلے عدد میں کتنی بار شامل ہے۔ یا پہلے عدد کے اتنے برابر حصے کرو۔ مثلاً ۶ ÷ ۲ سے یہ مراد ہے۔ کہ ۶ میں ۲ کتنے بار شامل ہے۔ یا ۶ کے دو برابر حصے کرو۔ اسے یوں پڑھتے ہیں۔
"چھ تقسیم دو"

سات گولیاں

● ● ● ● ● ● ● سات ۷

۶ + ۱ = ۷ ۔۔۔ ۷ − ۱ = ۶

۵ + ۲ = ۷ ۔۔۔ ۷ − ۲ = ۵

۴ + ۳ = ۷ ۔۔۔ ۷ − ۳ = ۴

آٹھ گولیاں — آٹھ — ۸

●●●●●●●●

۷ + ۱ = ۸	۸ − ۱ = ۷
۶ + ۲ = ۸	۸ − ۲ = ۶
۵ + ۳ = ۸	۸ − ۳ = ۵
۴ + ۴ = ۸	۸ − ۴ = ۴

●●●● دو کا چوگنا آٹھ یا چار دونے آٹھ

●●●● چار کا دُگنا آٹھ یا دو چوکے آٹھ

۲ × ۴ = ۸

۸ ÷ ۲ = ۴

۸ ÷ ۴ = ۲

نو گولیاں — نو — ۹

●●●●●●●●●

۸ + ۱ = ۹	۹ − ۱ = ۸
۷ + ۲ = ۹	۹ − ۲ = ۷
۶ + ۳ = ۹	۹ − ۳ = ۶
۵ + ۴ = ۹	۹ − ۴ = ۵

تین کا تگنا نو یا تین تیئے نو

$$۳ \times ۳ = ۹$$

$$۹ \div ۳ = ۳$$

۲

۱ و ۲ و ۳ و ۴ و ۵ و ۶ و ۷ و ۸ و ۹

اِن شکلوں کو ہندسے کہتے ہیں - ساری گنتی اِنہی ہندسوں کی مدد سے ہوتی ہے+ ۹ تک تو ایک ہندسے سے کام چل سکتا ہے - اِس سے آگے گنتی کے لئے دو ہندسے درکار ہوتے ہیں +

دس یا دہائی ۱۰ — دس گولیاں

$$۹ + ۱ = ۱۰$$
$$۸ + ۲ = ۱۰$$
$$۷ + ۳ = ۱۰$$
$$۶ + ۴ = ۱۰$$
$$۵ + ۵ = ۱۰$$

پانچ کا دُگنا دس یا پانچ دُونی دس

اِس کو صفر کہتے ہیں - صفر کے اصلی معنی خالی کے ہیں - اُس کی اپنی قیمت کچھ نہیں ہوتی - مگر جس ہندسے کے دائیں طرف صفر لکھا جاتا ہے - اُس ہندسے کی قیمت آگے سے دس گنا ہو جاتی ہے +

سوالات نمبر ۱

۱ اِس ڈمبل کے سروں پر کتنے گولے ہیں ؟

۲ اِس شکل کے کونے کتنے ہیں ؟ (اِسے تکون کہتے ہیں) +

۳ اِس تکون کے کنارے کتنے ہیں ؟

۴ اِس پلنگ کے کتنے پائے ہیں ؟

۵ پلنگ کی باہیاں کتنی ہیں - اور سیرو کتنے ہیں ؟

۶ اِس شکل میں کتنے خانے ہیں ؟

۷ (۱) اُوپر کی قطار میں کتنی گولیاں ہیں ؟
(۲) نیچے کی قطار میں کتنی گولیاں ہیں ؟
(۳) کُل گولیاں کتنی ہوئیں ؟

۸ ۵ گولیوں میں سے ۲ گولیاں نکال دو۔ باقی کتنی رہیں ؟
اگر ۳ نکال دیں۔ تو کتنی رہیں گی ؟

۹ دو دو گولیاں دو جگہ کُل کتنی گولیاں ہوئیں ؟

۱۰ ۴ گولیوں میں سے دو دو گولیاں نکالو۔ کتنی بار نکلیں ؟

۱۱ اِس شکل میں کتنے خانے ہیں ؟

۱۲ دو دو خانے کتنی جگہ ہیں ؟

۱۳ تین تین خانے کتنی جگہ ہیں ؟

۱۴ ۶ شانوں میں سے ۲ شانے نکال دیں۔
تو باقی کتنے رہیں گے؟ اگر ۴ نکال دیں۔
تو باقی کتنے رہیں گے؟

۱۵ اس زینے میں کتنی سیڑھیاں
ہیں؟

۱۶ اگر ایک سیڑھی ٹوٹ جائے۔
تو کتنی پوڑیاں رہ جائیں گی؟

۱۷ اس شکل میں دو دو
گولیاں کتنی جگہ ہیں؟
اور چار چار گولیاں کتنی بار؟ کُل کتنی
گولیاں ہیں؟

۱۸ ۸ گولیوں میں سے دو دو گولیاں کتنی
بار نکل سکتی ہیں؟

۱۹ اس شکل میں کتنے
خانے ہیں؟

۲۰ اس میں تین تین خانے
کتنی جگہ ہیں؟

۲۱ اِس شکل میں اُوپر کی قطار میں کتنے خانے ہیں۔ نیچے کی قطار میں کتنے؟

۲۲ دائیں طرف کتنے خانے ہیں۔ اور بائیں طرف کتنے؟

۲۳ کُل کتنے خانے ہیں؟

۲۴ اِس شکل میں دو دو خانے کتنی جگہ ہیں؟

۲۵ پانچ پانچ خانے کتنی جگہ ہیں؟ کُل کتنے خانے ہیں؟

کتنے ہوتے ہیں:-

۲۶ ۲ آم + ۱ آم؟

۲۷ ۱ آم + ۲ آم؟

۲۸ ۳ آم - ۱ آم؟

۲۹ ۳ آم - ۲ آم؟

۳۰ ۲ پیسے + ۲ پیسے؟

۳۱ ۴ پیسے - ۲ پیسے ؟

۳۲ ۳ کتابیں + ۲ کتابیں ؟

۳۳ ۲ کتابیں + ۳ کتابیں ؟

۳۴ ۵ کتابیں - ۲ کتابیں ؟

۳۵ ۵ کتابیں - ۳ کتابیں ؟

۳۶ ۴ میزیں + ۳ میزیں ؟

۳۷ ۶ میزیں - ۲ میزیں ؟

۳۸ ۶ میزیں - ۴ میزیں ؟

۳۹ ۵ گھوڑے + ۲ گھوڑے ؟

۴۰ ۴ گائیں + ۳ گائیں ؟

۴۱ ۷ گھوڑے - ۵ گھوڑے ؟

۴۲ ۷ گائیں - ۳ گائیں ؟

۴۳ ۳ دواتیں + ۵ دواتیں ؟

۴۴ ۲ قلمیں + ۶ قلمیں ؟

۴۵ ۸ دواتیں - ۵ دواتیں ؟

۴۶ ۸ قلمیں - ۲ قلمیں ؟

۴۷ ۶ بکریاں + ۳ بکریاں ؟

۴۸ ۷ سیب + ۴ سیب ؟

۴۹ ۹ بکریاں – ۳ بکریاں ؟

۵۰ ۹ سیب – ۷ سیب ؟

۵۱ ۲ بیل + ۳ بیل + ۵ بیل ؟

۵۲ ۳ گرتے + ۴ گرتے + ۳ گرتے ؟

۵۳ ۱۰ بیر – ۵ بیر ؟

۵۴ ۱۰ چھتریاں – ۷ چھتریاں ؟

۵۵ ایک جماعت میں ۵ لڑکے تھے – ایک بیمار ہو گیا – بتاؤ – باقی کتنے حاضر ہیں ؟

۵۶ رام و شام کے پاس دو دو پیسے ہیں – کل پیسے کتنے ہوئے ؟

۵۷ جوتی و موتی ہر ایک نے تین تین آم کھائے – دونوں نے کتنے آم کھائے ؟

۵۸ تین لڑکوں کے پاس دو دو بیر ہیں – کل کتنے بیر ہیں ؟

۵۹ ۳ لڑکوں میں سے ہر ایک کو دو دو ناشپاتیاں دیں – تو کتنی ناشپاتیاں خرچ ہوئیں ؟

۶۰ اِس شکل میں کتنے خانے ہیں؟

۶۱ اِس شکل میں کتنے خانے ہیں؟

۶۲ دُوسری شکل میں پہلی شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں؟

۶۳ ایک ٹوکرے میں ۴ سیب ہیں۔ دُوسرے میں تین۔ بتاؤ۔ دونو ٹوکروں میں کتنے سیب ہیں؟

۶۴ ایک شخص نے پہلے روز ۴ آم کھائے۔ اور دُوسرے دِن ۶۔ بتاؤ۔ دونو دِن میں کتنے آم کھائے؟

۶۵ سوہن کے پاس موہن سے ۵ سیب زیادہ ہیں۔ موہن کے پاس ۴ سیب ہیں۔ بتاؤ۔ سوہن کے پاس کتنے سیب ہیں؟

۶۶ شام کے پاس رام سے ۲ لڈو کم ہیں۔ رام کے پاس ۹ لڈو ہیں۔ تو شام کے پاس کتنے لڈو ہیں؟

۶۷ ایک گاڑی میں ۵ آدمی۔ دُوسری میں ۳ آدمی ہیں۔ دونو میں کتنے آدمی ہیں؟

۶۸ میرے پاس ۹ لڈّو تھے۔ ۳ لڈّو میں نے کھا لیئے۔ بتاؤ۔ کتنے لڈّو باقی بچے؟

۶۹ ایک لڑکے نے ۷ سوال نکالے۔ ۲ غلط تھے۔ بتاؤ۔ کتنے سوال ٹھیک تھے؟

۷۰ مَیں نے ۴ پیسے کے آم۔ دو پیسے کی جامنیں اور ایک پیسے کے بیر لئے۔ بتاؤ۔ کُل کتنے پیسے خرچ ہُوئے؟

۷۱ سڑک پر ۴ چھکڑے جا رہے ہیں۔ ہر ایک چھکڑے میں ۲ بَیل لگے ہیں۔ کُل کتنے بَیل ہیں؟

۷۲ میں ۵ بادام روز کھاتا ہُوں۔ دو دِن میں کتنے بادام کھاؤں گا؟

۷۳ موہن نے کچھ پِنسلیں خریدیں۔ دو پنسلیں اپنے دو بھائیوں کو دیں۔ اور پانچ پنسلیں اُس کے پاس باقی رہیں۔

بتاؤ۔ اُس نے کتنی پنسلیں مول لی تھیں؟

۷۴ ایک کھیت میں ۴ گائیں۔ ۳ گھوڑے اور ۳ بیل چرتے ہیں۔ تو بتاؤ۔ کُل کتنے جانور ہیں؟

۷۵ ایک زمیندار کے پاس ۸ بھیڑیں تھیں۔ اُن میں سے ۲ مر گئیں۔ اور ۳ اُس نے بیچ دیں۔ بتاؤ۔ باقی کتنی رہیں؟

۷۶ ایک کسان کے پاس ۱۰ بیل تھے۔ اُس نے ۴ بیل اپنے ایک بیٹے کو دیئے۔ اور باقی دُوسرے کو۔ بتاؤ۔ دُوسرے کو کتنے ملے؟

۷۷ اگر میں دو دو لڈُو ۳ لڑکوں کو دُوں۔ اور ایک میرے پاس باقی بچے۔ تو بتاؤ۔ میرے پاس کتنے لڈُو تھے؟

۷۸ موہن نے ایک روز ۳ پیسے خرچ کئے۔ دُوسرے روز بھی ۳ پیسے خرچ کئے۔ اور ۲ پیسے اُس کے پاس بچ رہے۔

بتاؤ۔ اُس کے پاس کتنے پیسے تھے؟

۷۹ دو گھوڑوں کی کتنی ٹانگیں ہوتی ہیں؟

۸۰ میری دو جیبوں میں سے ہر ایک میں پانچ پانچ پیسے ہیں۔ اگر میں ۴ پیسے خرچ کر دوں۔ تو باقی کتنے رہیں گے؟

۸۱ ایک درخت پر ۵ پرند ہیں۔ دوسرے پر ۴ پرند۔ بتاؤ۔ کُل کتنے ہوئے؟

۸۲ اگر ایک درخت پر ۹ پرند ہوں۔ اور اُن میں سے ۳ اُڑ جائیں۔ تو بتاؤ۔ باقی کتنے رہے؟

۸۳ ایک جماعت میں ۷ لڑکے تھے۔ ۳ اور آ شامل ہوئے۔ بتاؤ۔ کُل کتنے ہوئے؟

۸۴ ۱۰ کتابوں میں سے رام نے ۳ اور شام نے ۳ لیں۔ بتاؤ۔ باقی کتنی رہیں؟

٣ بیس تک گنتی

٢٠	١٩	١٨	١٧	١٦	١٥	١٤	١٣	١٢	١١

دس اور ایک گیارہ (١١) ہوتے ہیں۔
دس اور دو بارہ (١٢)۔ دس اور تین
تیرہ (١٣)۔ دس اور چار چودہ (١٤)۔
دس اور پانچ پندرہ (١٥) ۔ دس
اور چھ سولہ (١٦)۔ دس اور سات
سترہ (١٧)۔ دس اور آٹھ اٹھارہ
(١٨)۔ دس اور نو انیس (١٩)۔ دو
دہائیاں مل کر بیس (٢٠) +

سوالات نمبر ۲

پہلی دُوسری

۱ پہلی شکل میں کتنے خانے ہیں؟
۲ دُوسری شکل میں کتنے خانے ہیں؟
۳ دونو شکلوں میں کتنے خانے ہیں؟
۴ دُوسری شکل میں پہلی شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں؟
۵ اِس شکل میں کُل کتنے خانے ہیں؟
۶ اِس میں چار چار خانے کتنی جگہ ہیں؟
۷ پانچ پانچ خانے کتنی جگہ ہیں؟
۸ اِس شکل میں چاروں طرف کتنے کتنے خانے خالی ہیں؟
۹ کُل خالی خانے کتنے ہیں؟
۱۰ بیچ کا سایہ دار خانہ مِلا کر کُل کتنے خانے ہُوئے؟

۱۱ اِس تیلیوں کی کُرسی کے پایوں میں کِتنی تیلیاں ہیں ؟

۱۲ بیٹھنے کی جگہ کے چاروں طرف کِتنی تیلیاں ہیں ؟

۱۳ پُشت پر کِتنی تیلیاں ہیں ؟

۱۴ کُل کِتنی تیلیاں ہیں ؟ گِن کر بتاؤ +

۱۵ اِس شکل میں چاروں طرف کِتنی گولیاں ہیں ؟

۱۶ گِن کر بتاؤ۔ کُل کِتنی گولیاں ہیں ؟

۱۷ اِس شکل میں ایک قطار میں کِتنی گولیاں ہیں ؟

۱۸ کُل کِتنی گولیاں ہیں ؟

۱۹ باہر کی طرف ساری گولیاں کِتنی ہیں ؟

۲۰ اندر کی طرف کُل گولیاں کِتنی ہیں ؟ کِتنی ہوتی ہیں :—

۲۱ ۲ گولیاں + ۸ گولیاں + ۳ گولیاں ؟

۲۲ ۶ ٹوپیاں + ۶ ٹوپیاں + ۴ ٹوپیاں؟

۲۳ ۱۴ گولیاں + ۳ گولیاں؟

۲۴ ۱۳ گولیاں + ۴ گولیاں؟

۲۵ ۱۲ قلمیں + ۸ قلمیں؟

۲۶ ۱۱ کتابیں + ۹ کتابیں؟

کتنے ہوتے ہیں:-

۲۷ ۶ جوتے + ۴ جوتے + ۱۰ جوتے؟

۲۸ ۸ آم + ۱۰ آم + ۲ آم؟

۲۹ ۷ پیسے + ۸ پیسے + ۵ پیسے؟

۳۰ ۲۰ آم - ۲ آم؟

۳۱ اس گچھے میں کتنے انگور ہیں؟

۳۲ میرے پاس ۹ پیسے ہیں۔ میرے بھائی کے پاس ۶۔ بتاؤ۔ کُل کتنے پیسے ہوئے؟

۳۳ رام کے پاس ۸ گائیں ہیں۔ اور شام کے پاس ۷۔ کُل کتنی گائیں ہوئیں؟

۳۴ موہن کے پاس ۹ گھوڑے اور ۸ گدھے ہیں۔ بتاؤ۔ اُس کے پاس کُل کتنے جانور ہیں؟

٣٥ اس گنے میں کتنی پوریاں ہیں؟

٣٦ میری ایک گائے ۹ سیر دودھ دیتی ہے - اور دوسری ٦ سیر تو بتاؤ - دونو گائیں کتنا دودھ دیتی ہیں؟

٣٧ ایک زمیندار کے ہاں ١٢ بیل اور ٥ گائیں ہیں - کل کتنے جانور ہوئے؟

٣٨ میرے پاس ١٥ پیسے تھے - میں نے ٤ پیسے کے آم خریدے - بتاؤ - میرے پاس کتنے پیسے باقی رہے؟

٣٩ ایک زمیندار کے پاس ٢٠ پولیاں تھیں ٨ گائے نے کھا لیں - باقی کتنی پولیاں رہیں +

٤٠ شام نے ١٩ سیر گندم مول لی ١٢ سیر خرچ ہو گئی - باقی کتنی رہی؟

٤١ میں نے ٤ پیسے کے بیر - ٥ پیسے کے امرود اور ٢ پیسے کی جامنیں خریدیں -

کُل کِتنے پَیسے خرچ کِئے ؟

۴۲ ۳ چھکڑے سڑک پر جا رہے ہَیں-
ہر ایک چھکڑے میں ۴ بَیل لگے ہَیں-
کُل کِتنے بَیل ہُوئے ؟

۴۳ ایک صندُوقچی کے چار خانے ہَیں-
ہر ایک خانے میں ۵ روپے پڑے ہَیں-
کُل کِتنے روپے ہَیں ؟

۴۴ پہلی شکل میں کِتنے خانے ہَیں؟ ہندسوں
میں لِکھّو +

دُوسری پہلی

۴۵ دُوسری شکل میں کِتنے
خانے ہَیں ؟ ہندسوں میں
لِکھّو +

۴۶ دونو شکلوں میں کِتنے
خانے ہَیں ؟ ہندسوں میں لِکھّو +

۴۷ پہلی شکل میں دُوسری شکل سے کِتنے
خانے زِیادہ ہَیں ؟

۳

سو تک گنتی

بیس اور ایک اکیس (۲۱)
بیس اور دو بائیس (۲۲)
بیس اور تین تیئیس (۲۳)
بیس اور چار چوبیس (۲۴)
بیس اور پانچ پچیس (۲۵)
بیس اور چھ چھبیس (۲۶)
بیس اور سات ستائیس (۲۷)
بیس اور آٹھ اٹھائیس (۲۸)
بیس اور نو اُنتیس (۲۹)
تین دہائیاں مل کر تیس (۳۰)

اکتیس	۳۱	پینتیس	۳۵
بتیس	۳۲	چھتیس	۳۶
تینتیس	۳۳	سینتیس	۳۷
چونتیس	۳۴	اڑتیس	۳۸

اُنتالیس	۳۹	پچپن	۵۵
چار دہائی یا چالیس	۴۰	چھپن	۵۶
اِکتالیس	۴۱	ستاون	۵۷
بیالیس	۴۲	اٹھاون	۵۸
تینتالیس	۴۳	اُنسٹھ	۵۹
چوالیس	۴۴	چھ دہائی یا ساٹھ	۶۰
پینتالیس	۴۵	اِکسٹھ	۶۱
چھیالیس	۴۶	باسٹھ	۶۲
سینتالیس	۴۷	ترسٹھ	۶۳
اڑتالیس	۴۸	چونسٹھ	۶۴
اُنچاس	۴۹	پینسٹھ	۶۵
پانچ دہائی یا پچاس	۵۰	چھیاسٹھ	۶۶
اِکاون	۵۱	سڑسٹھ	۶۷
باون	۵۲	اڑسٹھ	۶۸
ترپن	۵۳	اُنہتر	۶۹
چوّن	۵۴	سات دہائی یا ستر	۷۰

اکہتر	۷۱	چھیاسی	۸۶
بہتر	۷۲	ستاسی	۸۷
تہتر	۷۳	اٹھاسی	۸۸
چوہتر	۷۴	نواسی	۸۹
پچھتر	۷۵	نو دہائی یا نوے	۹۰
چھہتر	۷۶	اکیانوے	۹۱
ستتر	۷۷	بانوے	۹۲
اٹھتر	۷۸	ترانوے	۹۳
اُناسی	۷۹	چورانوے	۹۴
آٹھ دہائی یا اسّی	۸۰	پچانوے	۹۵
اکیاسی	۸۱	چھیانوے	۹۶
بیاسی	۸۲	ستانوے	۹۷
تراسی	۸۳	اٹھانوے	۹۸
چوراسی	۸۴	ننانوے	۹۹
پچاسی	۸۵	دس دہائی یا سَو	۱۰۰

سوالات نمبر۳

نیچے کے عددوں کو جو ہندسوں میں لکھے ہیں۔ پڑھو:-

۱ ۱۳ و ۲۵ و ۱۷ و ۱۹ و ۲۳ +

۲ ۲۷ و ۴۴ و ۳۹ و ۵۰ و ۳۹ +

۳ ۳۸ و ۳۰ و ۴۹ و ۷۷ و ۸۳ +

۴ ۸۹ و ۹۵ و ۸۶ و ۶۲ و ۹۹ +

۵ ۵۷ و ۷۶ و ۴۳ و ۴۱ و ۷۹ +

نیچے کے عددوں کو جو لفظوں میں لکھے ہیں۔ ہندسوں میں لکھو:-

۶ گیارہ۔ پندرہ۔ بائیس۔ اٹھائیس۔ اُنتیس +

۷ اکتیس۔ اُنتیس۔ سینتیس۔ بیس۔ چھتیس +

۸ بتیس۔ باون۔ سینتالیس۔ چھپن۔ چوالیس +

۹ اکیاون۔ بہتر۔ اُنسٹھ۔ اُنہتر۔ ستتر +

۱۰ اُناسی۔ نواسی۔ چھپن۔ پچاسی۔ ننانوے +

نیچے کے عددوں کی اکائیاں و دہائیاں الگ الگ پڑھو:-

۱۱ ۳۷ و ۴۹ و ۵۷ و ۸۰ و ۹۳ +

متفرق سوالات نمبر ۴

۱ ایک زمیندار نے ۱۸ روپے کی ایک گائے اور ۵ روپے کی ایک بکری مول لی۔ بتاؤ۔ کل کتنے روپے خرچ کئے؟

۲ ایک بٹوے میں ۲۸ روپے اور دوسرے میں ۱۲ روپے ہیں۔ بتاؤ۔ دونو میں کتنے روپے ہیں؟

۳ میرے پاس ۳۲ روپے ہیں۔ اور میرے بھائی کے پاس ۸ روپے ہیں۔ دونو کے پاس کُل کتنے روپے ہیں؟

۴ رام نے ۴۰ آم اور ۳۰ سیب مول لئے۔ بتاؤ۔ اس نے کُل کتنے پھل لئے؟

۵ موہن کے پاس ۱۲ بیر۔ ۸ نارنگیاں

اور ۵ انار ہیں۔ کُل تعداد بتاؤ +

۶ میں نے ایک بیل ۸۲ روپے کو بیچا۔ اور ۱۲ روپے کی ایک بکری مول لی۔ بتاؤ۔ میرے پاس کتنے روپے بچے؟

۷ سوہن کے پاس ۲۵ بیل تھے۔ اُس نے ۱۵ بیل بیچ دیئے۔ بتاؤ۔ اُس کے پاس کتنے بیل بچے؟

۸ ۲۶ روپوں میں کتنے روپے اور ملائیں۔ کہ پُورے ۳۰ روپے ہو جائیں؟

۹ ایک ہل اور ایک بیل کا مول ۸۳ روپے ہے۔ اگر ہل کا مول ۱۳ روپے ہو۔ تو بیل کی قیمت بتاؤ +

امرت سر ——— ۳۲ میل ——— لاہور
۱۲ میل

۱۰ لاہور سے امرت سر ۳۲ میل ہے۔ ایک شخص امرت سر کی طرف ۱۲ میل چلا۔ بتاؤ۔ کتنے میل اور چل کر امرتسر

پہنچ جائے گا؟

۱۱ پہلی شکل میں کتنے خانے ہیں؟

۱۲ دوسری شکل میں کتنے خانے ہیں؟

دوسری پہلی

۱۳ دونوں شکلوں میں کتنے خانے ہیں؟

۱۴ پہلی شکل میں سے تین خانے نکال دیں - تو کتنے باقی رہیں گے؟

۱۵ اگر دس خانے اور نکال دیں - تو کتنے باقی رہیں گے؟

۱۶ پہلی شکل میں دوسری شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں؟

پہاڑے

۵ اگر ایک قطار میں ۵ لڑکے ہوں - بتاؤ - ایسی تین قطاروں میں کتنے لڑکے ہوں گے؟

۵ ● ● ● ● ●
۵ ● ● ● ● ●
۵ ● ● ● ● ●

یعنی اگر ۵ کو ۳ دفعہ جوڑا جائے - تو
حاصل جمع = ۱۵ +

پس جس آسان عمل کے ذریعے ایک عدد کو بار بار جوڑتے ہیں - اسے ضرب یا گنا کہتے ہیں +

یاد رہے - کہ علامت × سے یہ مراد ہے - کہ جن دو عددوں کے درمیان یہ علامت لکھی ہو - ان کو آپس میں ضرب دینا ہے - جیسے ۳ × ۵ اس کو

یوں پڑھتے ہیں۔ "پانچ تئے پندرہ"

۶ تین تین چار چار عددوں کو متواتر جمع کرنے سے ضرب کے پہاڑوں کی بناوٹ اور اُن کے پڑھنے کا طریق ذیل کی مثالوں سے واضح ہو جائے گا؟

مثال ۱

ایک دونی ۲ ||

دو دونی ۴ || ||

تین دونی ۶ || || ||

چار دونی ۸ || || || ||

پانچ دونی ۱۰ || || || || ||

چھ دونی ۱۲ || || || || || ||

سات دونی ۱۴ || || || || || || ||

آٹھ دونی ۱۶ || || || || || || || ||

نو دونی ۱۸ || || || || || || || || ||

دس دونی ۲۰ || || || || || || || || || ||

اِس پہاڑے کی بناوٹ ۲ کے ہندسے کو بار بار جمع کرنے سے بھی سمجھ میں آ سکتی ہے۔ جیسے

۱ دُونی ۲ ‏ ۲=۲

۲ دُونی ۴ ‏ ۲+۲=۴

۳ دُونی ۶ ‏ ۲+۲+۲=۶

۴ دُونی ۸ ‏ ۲+۲+۲+۲=۸

۵ دُونی ۱۰ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲=۱۰

۶ دُونی ۱۲ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۲

۷ دُونی ۱۴ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۴

۸ دُونی ۱۶ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۶

۹ دُونی ۱۸ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۱۸

۱۰ دُونی ۲۰ ‏ ۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲+۲=۲۰

مثال ۲

۱ تیا ۳ |||

۲ تیئے ۶ ||| |||

۳ تیئے ۹ ||| ||| |||

۴ تیئے ۱۲ ||| ||| ||| |||

۵ تیئے ۱۵ ||| ||| ||| ||| |||

۶ تیئے ۱۸ ||| ||| ||| ||| ||| |||

۷ تیئے ۲۱ ||| ||| ||| ||| ||| ||| |||

۸ تیئے ۲۴ ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| |||

۹ تیئے ۲۷ ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| |||

۱۰ تیئے ۳۰ ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| ||| |||

اس پہاڑے کی بناوٹ ۳ کے ہندسے کو بار بار جمع کرنے سے آسانی سے سمجھ میں آ سکتی ہے۔ جیسے

۱ تیا ۳	۳ = ۳
۲ تیے ۶	۶ = ۳ + ۳
۳ تیے ۹	۹ = ۳ + ۳ + ۳
۴ تیے ۱۲	۱۲ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۵ تیے ۱۵	۱۵ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۶ تیے ۱۸	۱۸ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۷ تیے ۲۱	۲۱ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۸ تیے ۲۴	۲۴ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۹ تیے ۲۷	۲۷ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳
۱۰ تیے ۳۰	۳۰ = ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳ + ۳

مثال ۴

۱ چوکا ۴ ||||

۲ چوکے ۸ |||| ||||

۳ چوکے ۱۲ |||| |||| ||||

۴ چوکے ۱۶ |||| |||| |||| ||||

۵ چوکے ۲۰ |||| |||| |||| |||| ||||

۶ چوکے ۲۴ |||| |||| |||| |||| |||| ||||

۷ چوکے ۲۸ |||| |||| |||| |||| |||| |||| ||||

۸ چوکے ۳۲ |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| ||||

۹ چوکے ۳۶ |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| ||||

۱۰ چوکے ۴۰ |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| |||| ||||

اِس پہاڑے کی بناوٹ ۴ کے ہندسے کو بار بار جمع کرنے سے بھی سمجھ میں آ سکتی ہے جیسے پہلے ۴ کے پہاڑے میں بیان ہو چکا ہے +

مثال ۴

اِن پہاڑوں کی بناوٹ نیچے لکھے ہوئے
طریق پر عددوں کو بار بار جمع کرنے سے بھی
واضح ہو سکتی ہے۔ مثال کے طور پر
ہم ۹ کا پہاڑہ درج کرتے ہیں۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
		۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
			۹	۹	۹	۹	۹	۹	۹
				۹	۹	۹	۹	۹	۹
					۹	۹	۹	۹	۹
						۹	۹	۹	۹
							۹	۹	۹
								۹	۹
									۹
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰

۷. طالب علم کو چاہئے کہ ضرب کے پہاڑوں کو بخوبی سمجھ کر یاد کر لے ۔

ضرب کے پہاڑے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۳۰	۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰
۷	۱۴	۲۱	۲۸	۳۵	۴۲	۴۹	۵۶	۶۳	۷۰
۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰	۴۸	۵۶	۶۴	۷۲	۸۰
۹	۱۸	۲۷	۳۶	۴۵	۵۴	۶۳	۷۲	۸۱	۹۰
۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰

اس نقشے کی اوپر کی پہلی سطر میں ۱ سے
۱۰ تک عدد ترتیب وار لکھے ہیں۔ دوسری
سطر میں وہ حاصل ضرب لکھے ہیں۔ جو
ان اعداد کو ۲ میں ضرب دینے سے پیدا
ہوتے ہیں۔ تیسری سطر میں وہ حاصل
ضرب لکھے ہیں۔ جو انہی اعداد کا تگنا
لینے سے پیدا ہوتے ہیں۔ اسی طرح سے
آگے۔ ان کو ضرب کے پہاڑے کہتے
ہیں ؞

اس نقشے سے اگر یہ معلوم کرنا ہو۔
کہ سات چھکے کتنے ہوتے ہیں۔ تو دائیں
ہاتھ کی پہلی سطر میں ۷ کے ہندسے
کو دیکھو۔ اوپر کی پہلی سطر میں ۶ کے
ہندسے کے نیچے ۷ کے سامنے جو ۴۲
لکھے ہیں۔ وہی حاصل ضرب ہے ؞
اب ہم ضرب کے پہاڑوں کے متعلق
سوالات درج کرتے ہیں۔

سوالات نمبر ۵

پہاڑوں کے ذریعے حاصل ضرب بتاؤ۔

۱ ۳ × ۴ و ۵ × ۲ و ۶ × ۳ و ۴ × ۵ +

۲ ۵ × ۶ و ۶ × ۴ و ۷ × ۳ و ۶ × ۵ +

۳ ۶ × ۷ و ۷ × ۸ و ۸ × ۶ و ۳ × ۱۰ +

۴ ۸ × ۹ و ۹ × ۵ و ۸ × ۷ و ۱۰ × ۷ +

۵ ۸ × ۱۰ و ۹ × ۶ و ۵ × ۹ و ۷ × ۹ +

۶ کتنے تیّے ۶؟ کتنے چوکے ۲۰؟ کتنے چھکے ۲۴؟ کتنے ستّے ۳۵؟ کتنے اٹھے ۴۸؟ کتنے نائیں ۷۲؟ کتنے پنجے ۲۵؟ کتنے ستّے ۴۹؟

۷ ایک میز کی قیمت ۲ روپے ہے۔ تو ۵ میزوں کی قیمت بتاؤ۔

۸ ایک کتاب کا مول ۳ روپے ہے۔ تو سات کتابوں کا مول کتنا؟

۹ ایک بکری ۵ روپے کو آتی ہے۔ تو ۴

بکریاں کتنے کو آئینگی ؟

۱۰ ایک تختی کی قیمت ۴ آنے - تو ۸ تختیوں کی قیمت کتنی ؟

۱۱ ایک ہفتے کے ۷ دن - تو ۶ ہفتے میں کتنے ؟

۱۲ ایک روپئے کی ۳ من لکڑی - ۷ روپئے کی کتنی ؟

۱۳ ایک آدمی ۸ آنے روز کماتا ہے - تو ۶ دن میں کیا کمائیگا ؟

۱۴ ایک روپئے کا ۹ سیر آٹا آتا ہو - تو ۵ روپئے کا کتنے سیر آٹا آئیگا ؟

۱۵ ایک روپئے کے ۷ سیر چاول - تو آٹھ روپئے کے کتنے ؟

۱۶ ایک بیگھے زمین میں ۶ من چنے پیدا ہوئے - تو سات بیگھے زمین میں کتنے ؟

۱۷ ایک آدمی ۹ میل روز چلتا ہے - بتاؤ - ۸ دن میں کتنے میل چلیگا ؟

۱۸ ایک بھیڑ کی قیمت ۹ روپئے - تو ۷

بھیڑوں کی قیمت بتاؤ ۔

۱۹ ۳ قطاروں میں برابر برابر لڑکے کھڑے ہیں ۔ ایک قطار میں ۶ لڑکے ہیں ۔ بتاؤ ۔ کل قطاروں میں کتنے لڑکے ہیں ؟

۲۰ ایک زمیندار کے ۵ لڑکے ہیں ۔ ہر ایک لڑکے کے پاس ۴ جانور ہیں ۔ تو کل جانوروں کی تعداد بتاؤ ۔

۲۱ ایک شخص کے ہاں ۸ سیر آٹا روز خرچ ہوتا ہے ۔ تو بتاؤ ۔ دس دن میں کتنا آٹا خرچ ہوگا ؟

۲۲ ۸ ٹوکروں میں سے ہر ایک میں ۵ تربوز ہیں ۔ کل تربوز بتاؤ ۔

۲۳ ایک چھکڑا ۳ میل فی گھنٹہ چلے ۔ تو بتاؤ ۔ ۷ گھنٹوں میں کتنا چلیگا ؟

۲۴ ایک دیہاتی مدرسے میں ۳ جماعتیں ہیں ۔ ہر ایک جماعت میں ۸ لڑکے ہیں ۔ کل

لڑکے بتاؤ ۔

۲۵ اگر کسی کھیت میں ۴ من کھاد فی بیگھہ پڑے۔ تو ۷ بیگھوں کے لئے کتنے من کھاد درکار ہوگی؟

۲۶ ایک زمیندار کے پاس ۸ گائیں ہیں۔ ہر ایک گائے ہر روز ۵ سیر دُود دیتی ہے۔ تو بتاؤ۔ ہر روز اُس کے پاس کتنا دُود ہوتا ہے؟

۲۷ ہمارے پاس ۷ خربُوزے ہیں۔ ہر ایک خربُوزے میں ۱۰ پھانکیں ہیں۔ تو کُل خربُوزوں میں کتنی پھانکیں؟

۲۸ نَو نَو لڈّو ہر ایک لڑکے کو دیں۔ تو ۷۲ لڈّو کتنے لڑکوں کو ملینگے؟

۲۹ ہمارے پاس ۶ نارنگیاں ہیں۔ ہر ایک نارنگی میں ۸ پھانکیں ہیں۔ تو کُل نارنگیوں میں کتنی پھانکیں؟

۳۰ ۲۸ آنے کی ۴ سلیٹیں آتی ہیں۔ ایک

سلیٹ کتنے کو آئینگی ؟

۳۱ ۴ بھیڑوں کی قیمت ۳۶ روپئے ہے - تو ایک بھیڑ کی کیا قیمت ہوگی ؟

۳۲ ۹ تھان کپڑے کے ۶۳ روپئے کو آتے ہیں - تو ایک تھان کا مول بتاؤ ؟

۳۳ ہمارے ہاں بکریوں کا ۱۴ سیر دُود روز ہوتا ہے - اگر ہر ایک بکری ۲ سیر روز دُود دیتی ہو - تو ہمارے ہاں کتنی بکریاں ہیں ؟

۳۴ ایک گاؤں ۵۶ میل پر ہے - ایک آدمی ۸ میل روز چلتا ہے - بتاؤ کتنے دنوں میں وہ تمام فاصلہ طے کریگا ؟

۳۵ مونگ کا بھاؤ ۳ روپئے من ہے - تو ۲۷ روپئے میں کتنے من مونگ آئیگی ؟

۳۶ ایک مزدور ۵ روپئے مہینہ مزدوری لیتا ہے - تو ۳۵ روپئے اُسے کتنے مہینوں میں ملینگے ؟

۳۷ روپئے کا ۲ من بھوسا بکتا ہے - تو ۱۶ من بھوسا کتنے کو آئیگا ؟

۳۸ روپے کا ۳ سیر تیل بکتا ہے - تو ۱۸ سیر تیل کتنے کو آئیگا ؟

۳۹ دُود کا بھاؤ ۹ سیر فی روپیہ ہے - تو ۲۷ سیر دُود کتنے کو آئیگا ؟

۴۰ ۴۵ سیر گڑ کتنے کو آئیگا - جبکہ ۹ سیر گڑ ایک روپے کو آئے ؟

۴۱ اگر ۷ آم ایک پیسے کو آئیں - تو ۶۳ آم کتنے کو آئینگے ؟

۴۲ ۳۶ سیر شکر ۴ روپے کو آتی ہے - تو بتاؤ - ایک روپے کی کتنی آئیگی ؟

۴۳ ایک برتن میں ۲۷ سیر دُود ہے - اگر ایک لوٹے میں ۳ سیر دُود آتا ہو - تو کُل کتنے لوٹے دُود کے ہیں ؟

۴۴ جوتی کے پاس ۴ ٹوکرے خربوزوں کے ہیں - ہر ایک ٹوکرے میں ۴ خربوزے ہیں - اگر ایک خربوزہ ۵ پیسے کو آئے - تو کُل خربوزوں کا مول بتاؤ +

حصۂ دُوُم

دُوسری جماعت

کے واسطے

لاکھ تک عددوں کا لکھنا اور پڑھنا

۸ یہ تم جانتے ہو۔ کہ دس اکائی کی ایک دہائی ہوتی ہے۔ اور دس دہائیوں سے ایک سینکڑا بنتا ہے۔ اسی طرح سے اگر دس سینکڑے اکٹھے کئے جائیں۔ تو اُسے ایک ہزار کہتے ہیں۔ جیسا کہ ذیل کی شکل سے ظاہر ہے۔

ایک
۱

دس
۱۰

سینکڑا ۱۰۰

دس سینکڑے

یا

ہزار ۱۰۰۰

اگر ایک ہزار دس جگہ رکھے جائیں۔ تو دس ہزار کہلاتے ہیں۔ اور ہزار کو سو بار لیں۔ یا دس ہزار کو دس جگہ اکٹھا کریں۔ تو ایک لاکھ بن جاتا ہے۔

---

۹ اب ہم گنتی کا سلسلہ مراتب نیچے درج کرتے ہیں۔ جس سے طالب علم کو لکھے ہوئے عددوں کا پڑھنا اور بولے ہوئے عددوں کا لکھنا سمجھ میں آ جائیگا۔

					۱	اکائی
				۱	۰	دہائی
			۱	۰	۰	سینکڑہ
		۱	۰	۰	۰	ہزار
	۱	۰	۰	۰	۰	دس ہزار
۱	۰	۰	۰	۰	۰	لاکھ

مثال

دہ ہزار ہزار سیکڑہ دہائی اکائی

۲ ۳ ۴ ۵ ۹

اِس کو اِس طرح پڑھتے ہیں :-

دو ستائیسے ہزار چار سو چھبیس"

اُوپر کی مثال سے واضح ہے - کہ ہندسوں کے اِس طریق پر لکھنے میں اگر کسی ہندسے کو دائیں طرف سے بائیں طرف ایک مرتبہ ہٹایا جائے - تو اُس کی قیمت دس گنا ہو جاتی ہے - جیسے ۴۴ میں دُوسرا چوکا پہلے چوکے سے قیمت میں دس گنا ہے - اِس سے ظاہر ہے - کہ ہر ایک ہندسے کی دو قیمتیں ہوتی ہیں - ایک اپنی ذاتی قیمت اور دُوسری مقامی قیمت - مقامی قیمت ہندسوں کی قطار میں ہندسے کی جگہ پر منحصر ہے +

سوالاتِ نمبر ۶

نیچے کے عددوں کو جو ہندسوں میں لکھے ہیں پڑھو :-

۱ ۱۲۵، ۲۷۵، ۱۲۷۵، ۱۲۰۵ +

۲ ۷۲۵، ۱۸۵۲، ۱۸۰۲، ۱۰۰۲ +

۳ ۱۲۵۴۰، ۱۰۵۴۴، ۱۲۰۳۰، ۹۷۱ +

۴ ۷۰۳۰، ۴۰۰۵، ۳۰۰۵۰، ۱۰۲۰۵ +

۵ ایک لڑکے نے دو ہزار چوبیس کو ۲۲۴ لکھا اُس نے کیا غلطی کی ؟

نیچے کے عددوں کو جو لفظوں میں لکھے ہیں - ہندسوں میں لکھو :-

۶ ایک سو پندرہ - دو سو چوبیس - تین سو چھپن +

۷ سات سو اٹھائیس - دو ہزار پانچ سو چھبیس +

۸ نو ہزار دو سو اٹھارہ - ستائیس ہزار دو سو چھبیس +

۹ دو ہزار ایک سو چالیس - پندرہ ہزار ایک سو بیس +

۱۰ دس ہزار دو سو چھتر + بیس ہزار چار سو آٹھ +

۱۱ تیس ہزار چار سو تین - اٹھارہ ہزار چوبیس +

نیچے کے عددوں میں اِکائیاں - دہائیاں - سینکڑے - ہزار الگ الگ پڑھو :-

۱۲ ۱۲۷ ، ۲۳۵ ، ۱۲۲۵ +

۱۳ ۲۴۵۲۷ ، ۳۰۸۰۷ +

یہ کتنے ہوتے ہیں :-

۱۴ ۲ سینکڑے ۴ دہائیاں ۵ اکائیاں +

۱۵ ۵ سینکڑے ۸ اِکائیاں ، ۹ سینکڑے ۶ دہائیاں +

۱۶ ۳ ہزار ۵ سینکڑے ۲ دہائیاں ۴ اِکائیاں +

اِن میں سینکڑے بتاؤ :-

۱۷ ۷۰۴ ، ۳۹۰ ، ۳۷۲۸ ، ۲۱۹۲۴ +

اِن میں ہزار بتاؤ :-

۱۸ ۳۲۲۴ ، ۴۰۵۲۴ ، ۲۶۰۰۴ +

نیچے لکھے ہوئے عددوں میں ہر ایک ہندسے کی قیمت بتاؤ :-

۱۹ ۷۲۴ ، ۳۱۶ ، ۲۵۲۴ ، ۸۳۰۴ +

پہاڑے ۱۶×۱۶ تک

۱۰ دس تک پہاڑے ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ اب ہم ۱۶×۱۶ تک کے پہاڑوں کی جدول نیچے درج کرتے ہیں:-

ضرب کے پہاڑے

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰	۲۲	۲۴	۲۶	۲۸	۳۰	۳۲
۳	۶	۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰	۳۳	۳۶	۳۹	۴۲	۴۵	۴۸
۴	۸	۱۲	۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰	۴۴	۴۸	۵۲	۵۶	۶۰	۶۴
۵	۱۰	۱۵	۲۰	۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰	۵۵	۶۰	۶۵	۷۰	۷۵	۸۰

۹۶	۹۰	۸۴	۷۸	۷۲	۶۶	۶۰	۵۴	۴۸	۴۲	۳۶	۳۰	۲۴	۱۸	۱۲	۶
۱۱۲	۱۰۵	۹۸	۹۱	۸۴	۷۷	۷۰	۶۳	۵۶	۴۹	۴۲	۳۵	۲۸	۲۱	۱۴	۷
۱۲۸	۱۲۰	۱۱۲	۱۰۴	۹۶	۸۸	۸۰	۷۲	۶۴	۵۶	۴۸	۴۰	۳۲	۲۴	۱۶	۸
۱۴۴	۱۳۵	۱۲۶	۱۱۷	۱۰۸	۹۹	۹۰	۸۱	۷۲	۶۳	۵۴	۴۵	۳۶	۲۷	۱۸	۹
۱۶۰	۱۵۰	۱۴۰	۱۳۰	۱۲۰	۱۱۰	۱۰۰	۹۰	۸۰	۷۰	۶۰	۵۰	۴۰	۳۰	۲۰	۱۰
۱۷۶	۱۶۵	۱۵۴	۱۴۳	۱۳۲	۱۲۱	۱۱۰	۹۹	۸۸	۷۷	۶۶	۵۵	۴۴	۳۳	۲۲	۱۱
۱۹۲	۱۸۰	۱۶۸	۱۵۶	۱۴۴	۱۳۲	۱۲۰	۱۰۸	۹۶	۸۴	۷۲	۶۰	۴۸	۳۶	۲۴	۱۲
۲۰۸	۱۹۵	۱۸۲	۱۶۹	۱۵۶	۱۴۳	۱۳۰	۱۱۷	۱۰۴	۹۱	۷۸	۶۵	۵۲	۳۹	۲۶	۱۳
۲۲۴	۲۱۰	۱۹۶	۱۸۲	۱۶۸	۱۵۴	۱۴۰	۱۲۶	۱۱۲	۹۸	۸۴	۷۰	۵۶	۴۲	۲۸	۱۴
۲۴۰	۲۲۵	۲۱۰	۱۹۵	۱۸۰	۱۶۵	۱۵۰	۱۳۵	۱۲۰	۱۰۵	۹۰	۷۵	۶۰	۴۵	۳۰	۱۵
۲۵۶	۲۴۰	۲۲۴	۲۰۸	۱۹۲	۱۷۶	۱۶۰	۱۴۴	۱۲۸	۱۱۲	۹۶	۸۰	۶۴	۴۸	۳۲	۱۶

سوالات نمبر ۵

پہاڑوں کے ذریعے سے حاصل ضرب بتاؤ۔

۱ ۱۱ × ۷ و ۱۲ × ۶ و ۱۳ × ۵ و ۱۵ × ۵
و ۱۴ × ۶ ۔

۲ ۷ × ۱۲ و ۹ × ۱۳ و ۸ × ۱۶ و ۹ × ۱۴
و ۷ × ۱۵ ۔

۳ ۱۱ × ۱۴ و ۱۲ × ۱۵ و ۱۳ × ۱۳ و ۱۵ × ۱۴
و ۱۶ × ۱۱ ۔

۴ ۱۳ × ۱۶ و ۱۲ × ۱۳ و ۱۳ × ۱۴
و ۱۲ × ۱۴ و ۱۶ × ۱۶ ۔

۵ کتنے چھکے ۴۲ ؟ کتنے اٹھے ۱۰۴ ؟ کتنے
نائیں ۱۰۸ ؟ کتنے ستے ۹۸ ؟

۶ کتنے بارے ۸۴ ؟ کتنے پندرہ ۱۳۵ ؟
کتنے چودہ ۱۱۲ ؟ کتنے سولہ ۱۴۴ ؟

۷ کتنے چودہ ۱۵۴ ؟ کتنے تیرہ ۱۵۶ ؟ کتنے
پندرہ ۱۸۰ ؟ کتنے سولہ ۲۴۰ ؟

۸ ایک گھر میں ۶ سیر روز آٹا خرچ ہوتا ہے۔ تو ۱۳ روز میں کتنا آٹا خرچ ہوگا؟

۹ ایک بیگھے زمین میں ۶ من مونگ پیدا ہوتی ہے۔ تو ۱۳ بیگھے زمین میں کتنی مونگ پیدا ہوگی؟

۱۰ ایک مزدور ۱۲ آنے روز کماتا ہے۔ تو ۸ دِن میں کتنے آنے کمائے گا؟

۱۱ ۱۴ من دھان ایک بیگھے زمین میں ہوتے ہیں۔ تو ۹ بیگھے زمین میں کتنے دھان پیدا ہوں گے؟

۱۲ ایک بکری کا مول ۱۵ روپے ہے۔ تو ۸ بکریوں کی قیمت بتاؤ۔

۱۳ ایک ہفتے کے ۷ دن۔ تو ۹ ہفتے میں کتنے؟

۱۴ ایک درجن میں ۱۲۔ تو ۱۲ درجن میں کتنے؟

۱۵ ایک گھڑی کی قیمت ۱۶ روپئے۔ تو ۱۱ گھڑیوں کی قیمت کتنی؟

۱۶ ایک میز کی قیمت ۱۳ روپے۔ تو ۸ میزوں کی قیمت کتنی؟

۱۷ ایک آدمی ۱۲ آنے روز کماتا ہے۔ تو ۱۶ دن میں کیا کمائے گا؟

۱۸ ایک روپے کے ۱۴ سیب ملتے ہیں۔ تو ۱۵ روپے کے کتنے سیب آئیں گے؟

۱۹ تیل ۱۵ روپے فی من بکتا ہے۔ تو ۱۴ من کتنے کو آئے گا؟

۲۰ نمک کا بھاؤ ۱۶ سیر فی روپیہ ہے۔ تو ۱۳ روپے کا کتنا آئے گا؟

۲۱ ایک آدمی ۸ مہینے میں ۹۶ روپے کماتا ہے۔ تو بتاؤ۔ ایک مہینے میں کیا کماتا ہے؟

۲۲ ۱۳ روپے کے ۱۱۷ آم ملتے ہیں۔ تو ایک روپے کے کتنے آئیں گے؟

۲۳ اگر ۱۴ بھیڑیں ۱۶۸ روپے کو آئیں۔ تو ایک بھیڑ کتنے کو آئے گی؟

جمع

۱۱ مثال - ایک تھیلی میں ۴ پیلی گولیاں ۳ نیلی گولیاں اور ۵ کالی گولیاں ہیں۔ کُل کتنی گولیاں ہیں؟

۴ چار گولیاں اور تین گولیاں
۳ مل کر سات گولیاں ہوئیں۔
۵
۱۲ اور سات گولیاں اور پانچ

گولیاں مل کر کُل بارہ گولیاں ہوئیں ۔
اِس مثال میں ۴ و ۳ و ۵ اعداد کے برابر ایک عدد ۱۲ معلوم کیا ہے۔ اِس طرح دو یا زیادہ اعداد کے برابر ایک عدد معلوم کرنے کے عمل کو جمع کہتے ہیں۔ اور جمع کرنے سے جو جواب حاصل ہوتا ہے۔ اُسے اِن عددوں کا جوڑ یا حاصل جمع کہتے ہیں۔ اِس مثال میں ۱۲ جوڑ ہے ۴ و ۳ و ۵ کا ۔

۱۲

جمع کی جدول

۲ اور	۳ اور	۴ اور	۵ اور	۶ اور	۷ اور	۸ اور	۹ اور
۲ ہوتے ہیں ۴	۲ ہوتے ہیں ۵	۲ ہوتے ہیں ۶	۲ ہوتے ہیں ۷	۲ ہوتے ہیں ۸	۲ ہوتے ہیں ۹	۲ ہوتے ہیں ۱۰	۲ ہوتے ہیں ۱۱
۳ 〃 ۵	۳ 〃 ۶	۳ 〃 ۷	۳ 〃 ۸	۳ 〃 ۹	۳ 〃 ۱۰	۳ 〃 ۱۱	۳ 〃 ۱۲
۴ 〃 ۶	۴ 〃 ۷	۴ 〃 ۸	۴ 〃 ۹	۴ 〃 ۱۰	۴ 〃 ۱۱	۴ 〃 ۱۲	۴ 〃 ۱۳
۵ 〃 ۷	۵ 〃 ۸	۵ 〃 ۹	۵ 〃 ۱۰	۵ 〃 ۱۱	۵ 〃 ۱۲	۵ 〃 ۱۳	۵ 〃 ۱۴
۶ 〃 ۸	۶ 〃 ۹	۶ 〃 ۱۰	۶ 〃 ۱۱	۶ 〃 ۱۲	۶ 〃 ۱۳	۶ 〃 ۱۴	۶ 〃 ۱۵
۷ 〃 ۹	۷ 〃 ۱۰	۷ 〃 ۱۱	۷ 〃 ۱۲	۷ 〃 ۱۳	۷ 〃 ۱۴	۷ 〃 ۱۵	۷ 〃 ۱۶
۸ 〃 ۱۰	۸ 〃 ۱۱	۸ 〃 ۱۲	۸ 〃 ۱۳	۸ 〃 ۱۴	۸ 〃 ۱۵	۸ 〃 ۱۶	۸ 〃 ۱۷
۹ 〃 ۱۱	۹ 〃 ۱۲	۹ 〃 ۱۳	۹ 〃 ۱۴	۹ 〃 ۱۵	۹ 〃 ۱۶	۹ 〃 ۱۷	۹ 〃 ۱۸

اُوپر کی جدول طالب علم کو بخوبی یاد کر لینی چاہیئے - تاکہ

اِس کو جمع کرنے میں آسانی ہو ٭
اب ہم جمع کے مُتعلِّق مشق کے لئے
چند سوالات درج کرتے ہیں ٭

سوالات نمبر ۸

زبانی جمع کرو۔

۱ ۳ و ۱۵ ء ۴ و ۱۶ ء ۶ و ۱۷ ء ۵ و ۱۸ ٭

۲ ۱۲ و ۱۵ ء ۱۱ و ۱۶ ء ۱۰ و ۱۹ ء ۱۵ و ۱۷ ء ۱۱ و ۱۸ ٭

۳ ۲۶ و ۶ ء ۳۶ و ۶ ء ۵۶ و ۸ ء ۳۴ و ۸ ء ۴۶ و ۶ ٭

۴ ۱۵ کو ۱۵ و ۲۵ و ۳۵ میں جمع کرو ٭

۵ ۱۶ کو ۹ و ۱۹ و ۲۹ و ۳۹ میں جمع کرو ٭

۶ ۲ سے شروع کرکے ۳۰ تک دو دو بڑھا کر بلند آواز سے گنو ٭

۷ ۵ سے شروع کرکے ۱۴۰ تک دو دو بڑھاکر بلند آواز سے گنو +

۸ ۶ سے شروع کرکے ۶۰ تک چھ چھ بڑھاکر بلند آواز سے گنو +

۹ ۷ سے شروع کرکے ۷۰ تک سات سات بڑھاکر بلند آواز سے شمار کرتے جاؤ +

۱۰ ۷ سے شروع کرکے پانچ پانچ بڑھاکر ۱۰۲ تک بلند آواز سے شمار کرتے جاؤ +

۱۱ بلند آواز سے گنو۔

(۱) ۴ سے شروع کرکے تین تین بڑھاکر ۱۰۰ تک +

(۲) ۵ سے شروع کرکے چار چار بڑھاکر ۹۷ تک +

(۳) ۵ سے شروع کرکے پانچ پانچ بڑھاکر ۱۰۰ تک +

(۴) ۱۵ سے شروع کرکے تین تین بڑھاکر ۹۰ تک +

۱۲ کتنے ہوتے ہیں؟

۲ دہائیاں + ۷ ، ۳ دہائیاں + ۵ ، ۳ دہائیاں + ۲ دہائیاں ، ۵ دہائیاں + ۳ دہائیاں ، ۴ دہائیاں + ۵ اکائیاں ، ۳ دہائیاں + ۴ دہائیاں + ۶ +

نوٹ ۔ ۶ سے ۱۱ تک سوالوں کی بطالب علموں کو بلند آواز سے کئی بار مشق کرنی چاہیئے +

مثال ۱ ۳۲ اور ۲۴ کو جمع کرو ۔

پہلی شکل میں ۳ دہائیاں اور ۲ اکائیاں ہیں ۔

دوسری شکل میں ۲ دہائیاں اور ۴ اکائیاں ہیں ۔

دوسری پہلی

۲ اکائیاں + ۴ اکائیاں = ۶ اکائیاں ۔

۳ دہائیاں + ۲ دہائیاں = ۵ دہائیاں ۔

اس لیے ۳۲ اور ۲۴ مل کر ۶ اِکائیاں
اور ۵ دہائیاں یعنی ۵۶ بنے۔
اِسے اِس طرح حل کرتے ہیں:-

اِکائی	دہائی
۲	۳
۴	۲
۶	۵

مثال ۲۔ ایک ٹوکرے میں ۳۷ آم ہیں
اور دُوسرے میں ۴۵۔ بتاؤ۔ کُل کِتنے آم
ہُوئے؟

اُکائی	دہائی
۷	۳
۵	۴
۱۲	۷
۲	۸

۷ اِکائیاں اور ۵ اِکائیاں مل کر ۱۲
اِکائیاں ہُوئیں۔ پھر ۳ دہائیاں اور ۴

دہائیاں مل کر ۷ دہائیاں ہوئیں۔
اِس لئے حاصل جمع = ۷ دہائی اور ۱۲
اکائی کے۔ لیکن ۱۲ اکائیاں = ۱ دہائی اور
۲ اکائیوں کے۔ ۲ اکائیوں کو اکائیوں
کے نیچے لکھا۔ اور ایک دہائی کو ۷ دہائیوں
میں جمع کیا۔ کُل ۸ دہائیاں ہوئیں۔
پس حاصل جمع = ۸۲ ٭

مثال ۳۔ ایک تھیلی میں ۳۳۴ روپے
ہیں۔ دوسری میں ۵۹۹ روپے ہیں۔ دونوں
تھیلیوں میں کُل کتنے روپے ہیں؟

سینکڑا	دہائی	اکائی
۳	۳	۴
۵	۹	۹
۸	۱۲	۱۳
۹	۳	۳

چار اکائیاں اور ۹ اکائیاں ۱۳ اکائیاں
ہوئیں ٭

پھر ۳ دہائیاں اور ۹ دہائیاں مل کر ۱۲ دہائیاں ہوئیں۔

پھر ۳ سینکڑے اور ۵ سینکڑے مل کر ۸ سینکڑے ہوئے۔

اس لئے حاصل جمع = ۸ سینکڑے ۱۲ دہائی اور ۱۳ اکائی کے۔

مگر ۱۳ اکائیاں برابر ہیں ایک دہائی اور ۳ اکائیوں کے۔ ۳ اکائیوں کو اکائی کے مرتبے پر لکھا۔ اور ایک دہائی کو ۱۲ دہائیوں میں جمع کیا۔ کُل ۱۳ دہائیاں ہوئیں۔

۱۳ دہائیاں برابر ہیں ۳ دہائی اور ایک سینکڑے کے۔ ۳ دہائی کو دہائی کے مرتبے پر لکھا۔ ایک سینکڑا اور ۸ سینکڑے مل کر ۹ سینکڑے ہوئے۔

پس حاصل جمع = ۹۳۳

مثال ۴ ۹۴۶۸ و ۲۹۵۶ و ۶۹

۔۔۔ کو جمع کرو۔

$$
\begin{array}{r}
۹۳۶۸ \\
۲۹۵۶ \\
۷۹ \\
\hline
۱۲۵۰۳
\end{array}
$$

۸ و ۶ و ۹ اکائیاں برابر ہیں ۲۳ اکائیوں کے = ۳ اکائیوں اور ۲ دہائیوں کے۔ ۳ اکائیوں کو اکائیوں کے نیچے لکھا۔ اور دہائیوں کو جو حاصل ہوئیں۔ دہائیوں کے ساتھ جمع کیا۔

۲ و ۶ و ۵ و ۷ دہائیاں برابر ہیں ۲۰ دہائیوں کے = ۲ سینکڑوں کے۔ دہائیوں کی جگہ صفر لکھو۔ اور ۲ سینکڑوں کو جو ہاتھ لگیں۔ سینکڑوں میں جمع کرو؟

۲ و ۳ و ۹ سینکڑے برابر ہیں ۱۵ سینکڑوں کے = ۵ سینکڑوں اور ایک ہزار کے، ۵ سینکڑوں کو سینکڑوں

کے نیچے لکھا۔ اور ایک ہزار کو جو
حاصل ہوا۔ ہزاروں میں جمع کیا۔ ۱ و
۹ و ۲ ہزار مل کر ۱۲ ہزار ہوئے۔
پس حاصل جمع = ۱۲۵۰۳ +
اوپر کی حل کی ہوئی مثالوں سے واضح
ہے۔ کہ عددوں کے جمع کرنے کا یہ
قاعدہ ہوا۔

جمع کا قاعدہ

۱۳ جن عددوں کو جمع کرنا ہو۔ اُن کو اس
طرح لکھو۔ کہ اکائیاں اکائیوں کے
نیچے۔ دہائیاں دہائیوں کے نیچے۔ سینکڑے
سینکڑوں کے نیچے آجائیں۔ اسی طرح
ہزار وغیرہ۔ پھر ان سب کے نیچے ایک
ایک خط کھینچ دو۔ پہلے سب اکائیوں کو
جمع کرو۔ اگر حاصل جمع دس سے کم ہو۔
تو اُس کو اکائیوں کے نیچے لکھو۔ اور

اگر دس یا دس سے زیادہ ہو تو دہائیوں
کو نکال کر دہائیوں میں جمع کرو۔ اور
صفر یا اکائیاں اکائیوں کے نیچے لکھ دو۔
اسی طرح سے دہائیوں کو جمع کر لو۔ جو
سینکڑے ہاتھ لگیں۔ اُن کو سینکڑوں
میں لے جاؤ۔ اور دوسرے مرتبے پر
صرف دو دہائیاں لکھو۔ جو باقی بچیں۔
اسی طرح ہر ایک ہندسوں کے ستونوں
پر عمل کرتے جاؤ۔ اور آخر میں جو ہاتھ
لگے۔ اس کو بھی لکھ دو۔

جمع کے عمل کی صحت کا اِمتحان

۴۳۔ اوّل۔ ہر مرتبے کے عددوں کو پہلے
اوپر سے نیچے۔ پھر نیچے سے اوپر جمع
کرو۔ اگر دونوں صورتوں میں جواب ایک
ہی ہو۔ تو جانو کہ وہ صحیح ہے۔
دُوم۔ کسی ایک عدد کو چھوڑ کر باقی

عددوں کو جمع کرو۔ اور پھر اُن کی
حاصل جمع کے ساتھ اُس عدد کو جس
کو چھوڑ دیا تھا۔ جمع کرو۔ اگر اب
حاصل جمع وہی آئے۔ جو پہلی طریق
پر عمل کرنے سے حاصل ہوئی تھی۔ تو
جانو۔ کہ عمل صحیح ہے +

مثال ۳۴۲ و ۵۰۸ اور ۷۱۳ کو
جمع کرو۔

۳۴۲	جمع کیا
۵۰۸	
۷۱۳	
۱۵۶۳	

۳۴۲	جمع کیا
۵۰۸	
۸۵۰	جمع کیا
۷۱۳	
۱۵۶۳	

پہلی دو رقموں کو جمع کیا۔ اور حاصل
جمع میں تیسری رقم کو جمع کیا +

سوالات نمبر ۹

پہلے ۱۵ سوالوں کے جواب زبانی بتاؤ۔

حاصل جمع بتاؤ :-

۱ (ا) پہلی اور دوسری شکل میں کُل کتنے خانے ہیں ؟

تیسری دوسری پہلی

(ب) پہلی اور تیسری شکل میں کُل کتنے خانے ہیں ؟

(ج) دوسری اور تیسری شکل میں کُل کتنے خانے ہیں ؟

(د) تینوں شکلوں میں کُل کتنے خانے ہیں ؟

۲ رام کے پاس ۱۲ کوڑیاں ہیں - اور شام کے پاس ۱۳ - تو بتاؤ - دونو کے پاس کتنی کوڑیاں ہو گئیں ؟

۳ ایک جگہ ۵ لڑکے کھیل رہے تھے ۱۰ لڑکے اور آ شامل ہوئے - بتاؤ - کُل کتنے ہوئے ؟

۴ سوہن کے پاس ۱۳ آم ہیں - اور سوہن

کے پاس ۱۸ ۔ تو بتاؤ ۔ دونوں کے پاس کتنے آم ہوئے ؟

۵ ایک روپئے کے ۱۶ آنے ہوتے ہیں ۔ بتاؤ ۲ روپئے کے کتنے آنے ہوں گے ؟

۶ (۱) پہلی اور دوسری شکل میں کل کتنے خانے ہیں ؟

تیسری دوسری پہلی

(۲) پہلی اور تیسری شکل میں کل کتنے خانے ہیں ؟

(۳) دوسری اور تیسری شکل میں کل کتنے خانے ہیں ؟

(۴) تینوں شکلوں میں کل کتنے خانے ہیں ؟

۷ رام کے پاس ۱۵ سیب ہیں شام کے پاس اس سے ۵ زیادہ ۔ بتاؤ کل کتنے سیب ہوئے ؟

۸ ایک آدمی کو ۱۸ روپئے اور دوسرے کو ۱۲ روپئے دیئے بتاؤ کس نے کل کتنے روپئے دیئے ؟

۹ ایک باغ میں ۱۴ آم کے درخت ہیں ۲۲

سیب کے۔ بتاؤ۔ کُل کتنے درخت ہیں ؟

۱۰ ایک درجن میں ۱۲ چیزیں ہوتی ہیں۔ بتاؤ ۲ درجن میں کتنی ہوں گی ؟

۱۱ ایک صندوقچے میں ۱۵ روپئے ہیں۔ دُوسرے میں ۲۰ اور تیسرے میں ۱۰۔ کُل کتنے روپئے ہُوئے ؟

۱۲ ایک کتاب کے ایک صفحے میں ۳۰ سطریں ہیں۔ دُوسرے میں ۲۰ سطریں ہیں۔ دونو میں کتنی سطریں ہُوئیں ؟

۱۳ ایک آدمی پہلے روز ۲۲ میل۔ دُوسرے روز ۱۸ میل چلا۔ بتاؤ۔ وُہ کُل کتنے میل چلا ؟

۱۴ موہن کے پاس روپوں کی ۴ تھیلیاں ہیں۔ ہر ایک تھیلی میں ۱۵ روپئے ہیں۔ بتاؤ۔ کُل کتنے روپئے ہیں ؟

۱۵ رحیم کے پاس ۱۵ بیل ہیں۔ اور کریم کے پاس اُس سے ۱۰ بیل زیادہ ہیں۔ تو بتاؤ۔ دونو کے پاس کُل کتنے بیل ہیں ؟

جمع کرو۔

۱۶) ۲۴ + ۳۲	۱۷) ۲۷ + ۴۱	۱۸) ۶۱ + ۳۵
۱۹) ۳۲ + ۵۷	۲۰) ۲۹ + ۲۷	۲۱) ۲۸ + ۳۵
۲۲) ۳۷ + ۴۳	۲۳) ۴۸ + ۳۶	۲۴) ۵۹ + ۳۴
۲۵) ۳۵ + ۴۷	۲۶) ۲۵ + ۳۲ + ۳۱	۲۷) ۳۲ + ۲۶ + ۳۱
۲۸) ۳۷ + ۱۴ + ۲۵	۲۹) ۴۶ + ۲۳ + ۱۶	۳۰) ۳۷ + ۱۴ + ۲۶
۳۱) ۴۶ + ۲۳ + ۱۶	۳۲) ۳۳ + ۴۸ + ۱۱	۳۳) ۳۷ + ۲۴ + ۳۸

۳۴	۳۵	۳۶
۱۹	۲۸	۱۰۱
۵۵	۳۷	۱۱۳
۱۶	۲۰	۱۱۱

۳۷	۳۸	۳۹
۱۰۳	۲۰۳	۲۲۵
۲۱۱	۱۲۰	۳۳۴
۱۲۵	۳۲۵	۱۲۰

۴۰	۴۱	۴۲
۳۰۱	۴۳۷	۵۷۹
۱۵۰	۲۱۸	۱۱۵
۳۵	۱۱۹	۲۰۸

۴۳	۴۴	۴۵
۲۷۱	۴۸۴	۵۷۴
۳۲۴	۲۴۲	۱۸۲
۲۴۳	۱۲۱	۲۳۳

۴۶	۴۷	۴۸
۲۳۵	۵۰۳	۴۲۶
۲۸۱	۴۳۸	۷۰۱
۳۴۲	۲۷۰	۳۱۳

۴۹ — ۱۲۵ / ۷۱۱ / ۶۰۹

۵۰ — ۱۹۰ / ۳۱۳ / ۲۹

۵۱ — ۸۳ / ۸۰۷ / ۷۲۹

۵۲ — ۳۴۷ / ۲۳۸ / ۴۱۰

۵۳ — ۱۲۳ / ۴۵۶ / ۷۸۹

۵۴ — ۳۴۵ / ۴۵۶ / ۵۶۷

۵۵ — ۳۸۴ / ۳۲۱ / ۶۸۵ / ۲۷۸

۵۶ — ۴۶۳ / ۶۸۴ / ۵۲۹ / ۳۸۲

۵۷ — ۸۳۴ / ۵۸۶ / ۴۹۳ / ۸۳۹

۵۸ — ۳۷۸۹ / ۴۲۳۶ / ۷۴۸۳ / ۶۰۴۷

۵۹ — ۱۲۸۶۴ / ۲۹۷۸۴ / ۴۷۵۹ / ۳۸۹۳۶

۶۰

۶۷۵۹
۷۱۹۲
۸۰۱۳
۶۹۷۵

۶۱

۱۷۸۹۶
۹۳۷
۴۹۴۷
۹۶۷۸

۶۲

۴۰۳۸
۳۵۴
۹۵
۲۰۷۶

۶۳

۷۳۶
۴۰۰
۴۱۵۹
۴۷
۷۲۰۴

۶۴

۵۳۸۵
۶۲۴
۷۶۵۳
۷۰۶
۷۳۴۱

۶۵

۵۳۲۹۶
۱۰۹
۵۸۷۵
۲۴۶۵۸

۶۶

۱۱۱۱
۵۵۵۵
۶۶۶۶
۷۷۷۷
۸۸۸۸
۹۹۹۹

۶۷

۶۸۱۷
۵۷۳۷
۲۳۸۵
۷۵۲
۳۶۰۷
۲۶۶۵

۶۸

۸۴۳۹
۳۹۷۶
۹۳۸۶
۲۵۴
۶۰۰۵
۸۵۰

۶۹

۷۶۵۴
۳۹۷۶
۳۲۶۵
۷۴۶۷
۳۲۰۶
۶۷۸۹

۷۰

۴۴۴
۴۴۴
۴۴۴
۴۴۴
۴۴۴

۷۱

۶۶۶
۶۶۶
۶۶۶
۶۶۶
۶۶۶

۷۲۔

۴۳۲۱
۴۳۲۱
۴۳۲۱
۴۳۲۱
۴۳۲۱

۷۳۔

۱۲۳۴۵
۱۲۳۴۵
۱۲۳۴۵
۱۲۳۴۵
۱۲۳۴۵

۷۴۔ ۵۵۵۵ کو ۴ دفعہ لکھ کر جمع کرو۔

۷۵۔ ۷۷۷۷ کو ۵ دفعہ لکھ کر جمع کرو۔

۷۶۔ ۸۲۳ کو ۶ دفعہ لکھ کر جمع کرو۔

۷۷۔ ۷۰۸ کو ۵ دفعہ لکھ کر جمع کرو۔

۷۸۔ ۴۰۲ + ۸۰۷۶ + ۵۹۱۹ کو حل کرو۔

۷۹۔ ۲۸۵۳ و ۷۶۲۱ و ۳۵۷۶۰ و ۲۰۵۳۷ و ۱۴۲۵ کو جمع کرو۔

۸۰۔ ۵۰۸۶ و ۱۶۵۲ و ۱۰۷۵ و ۶۷۳ کو جمع کرو۔

۸۱۔ ۲۰۳۰۴ + ۶۷۸۹ + ۲۲۳ + ۳۱۲۴ کو حل کرو۔

۸۲۔ ۱۲۳۴۵ + ۵۳۴۲ + ۱۰۲۰

+ ۹۸۷ + ۲۰۱ کو حل کرو ۔

۸۳ ایک سکول میں تین جماعتیں ہیں ۔ پہلی میں ۲۷ ، دوسری میں ۳۸ اور تیسری میں ۴۷ لڑکے ہیں ۔ تو بتاؤ ۔ کل لڑکے سکول میں کتنے ہیں ؟

۸۴ ایک باغ میں ۶۷ آم کے درخت، ۸۷ سنگترے کے اور ۱۸۹ ناشپاتی کے ہیں ۔ تو بتاؤ ۔ کل درخت باغ میں کتنے ہیں ؟

۸۵ ایک آدمی نے ۱۵ روپیہ کا کپڑا، ۲۷ روپے کی ایک گاڑی اور ۶۵ روپے کا ایک گھوڑا خریدا ۔ اور اس کے پاس ۴۷ روپے بچ رہے ۔ تو بتاؤ ۔ اس کے پاس کل کتنا روپیہ تھا ؟

۸۶ جب میں ایک کتاب کے ۶۷ صفحے پڑھ چکا ۔ تو ۳۹ صفحے باقی رہ گئے ۔ بتاؤ ۔ کتاب میں کل کتنے صفحے ہیں ؟

۸۷ ایک لڑکے کے پاس ۱۵ گولیاں تھیں ۔

دوسرے کے پاس ۲۸ - تو بتاؤ - دونو کے پاس کتنی گولیاں تھیں ؟

۸۸ ایک کسان نے ۱۲ گائیں ایک آدمی کے ہاتھ، ۱۵ دوسرے کے ہاتھ، ۱۷ تیسرے کے ہاتھ، ۱۹ چوتھے کے ہاتھ بیچیں - اب اس کے پاس ۲۵ رہ گئیں - تو بتاؤ - پہلے اس کے پاس کتنی گائیں تھیں ؟

۸۹ ایک گاؤں میں ۵۶۳ مرد اور ۶۴۹ عورتیں ہیں - اور بچوں کی تعداد ۱۲۱۳ ہے - تو اس گاؤں کی کل آبادی بتاؤ -

۹۰ ایک مدرسے کی پہلی جماعت میں ۱۰۶ لڑکے - دوسری میں ۱۲۳ - تیسری میں ۴۲ اور چوتھی میں ۳۸ ہیں - تو بتاؤ - کہ اس مدرسے میں کتنے لڑکے پڑھتے ہیں ؟

۹۱ میں نے سنگتروں کے تین ٹوکرے خریدے - پہلے ٹوکرے میں ۴۵ سنگترے تھے - دوسرے میں ۲۱۵ - تیسرے میں

۳۵۶۳ - تو بتاؤ - تینوں ٹوکروں میں کُل کتنے سنگترے تھے؟

۹۲ ایک کتاب کے پہلے صفحے میں ۱۶۵، دوسرے میں ۱۰۸، تیسرے میں ۱۹۹، چوتھے میں ۱۷۸ اور پانچویں میں ۱۲۵ لفظ ہیں - تو بتاؤ - ان پانچ صفحوں میں کُل کتنے لفظ ہوئے؟

۹۳ کسی شہر میں ۳۷۵۷ ہندو، ۵۹۸۷ مسلمان اور ۳۷ عیسائی اور ۲۵۷ اور قوموں کے لوگ بستے ہیں - تو اُس شہر کی کُل آبادی بتاؤ؟

۹۴ ایک آدمی نے پہلے روز ۲۵ میل سفر طے کیا - دوسرے روز ۲۷ میل - تیسرے روز ۲۹ میل اور چوتھے روز ۳۲ میل چلا - بتاؤ - اُس کو کُل کتنے میل سفر طے کرنا پڑا؟

۹۵ ایک شخص پہلے دن ۲۶ میل - دوسرے

دِن ۲۶ میل۔ تیسرے۔ چوتھے اور پانچویں روز اُنتیس اُنتیس میل چلا۔ بتاؤ ۵ روز میں کتنے میل چلا؟

۹۶ پانچ گاؤں کی مالگزاری ترتیب وار ۱۹۶۵ روپے و ۲۰۰۷ روپے و ۵۸۷ روپے و ۲۳۰۵ روپے و ۱۸۹۵ روپے ہے ۔ بتاؤ۔ کُل مالگزاری کتنی ہے؟

۹۷ ایک گاؤں میں ۳۴۵۶ بیگھے چاہی زمین ہے ، ۴۳۶۵ بیگھے بارانی ، ۶۵۴۳ بیگھے نہری اور ۵۶۳۴ بیگھے بنجر ہے۔ بتاؤ۔ اُس گاؤں کی کُل زمین کتنی ہے؟

۹۸ کسی گاؤں میں ایک سال اِس طرح پیداوار ہوئی۔ ۴۷۱۵ من گیہوں ، ۴۸۷ من چنا ، ۳۸۶۰ من باجرا ، ۴۰۹ من مکئی۔ بتاؤ۔ کُل پیداوار کتنے من ہوئی؟

۹۹ ایک شخص کے ۳ بیٹے ہیں۔ اُس نے

ایک بیٹے کو ۳۲۵۰ روپئے - دُوسرے کو اُس سے ۴۹۰۰ روپئے زیادہ - تیسرے کو ۸۱۵۰ روپئے دِئے - بتاؤ - تینوں بیٹوں کو کتنی رقم مِلی ؟

۱۰۰ ایک زمیندار کے ہاں کچھ کپاس تھی - اُس میں سے ۴۸ من بنولے اور ۲۴ من رُوئی نکلی - بتاؤ - کُل کپاس کتنی تھی ؟

۱۰۱ اگر کسی زمیندار کے پاس ۱۲۵ بیگھے چاہی ، ۲۲۵ بیگھے بارانی اور ۱۰۵ بیگھے بنجر زمین ہو - تو بتاؤ - اُس کے پاس کُل کتنی زمین ہے ؟

۱۰۲ کرم سنگھ کے ہاں ۲۰۵ من گیہوں ، ۱۱۴ من جو ، ۱۹۲ من چنے پیدا ہوئے - تو بتاؤ - کُل کتنے من اناج پیدا ہُوا ؟

۱۰۳ ایک زمیندار کے ہاں ۵۲۳ پولیاں جُوار کی ، ۱۰۵۱ باجرے کی ، ۷۰۸ مکئی

کی ہیں - تو بتاؤ - اُس کے ہاں کُل کتنی
پوریاں ہیں ؟

۱۰۴ اِس تکون کھیت کے گرد چلنے میں کتنا فاصلہ
طے کرنا پڑیگا - اور
اگر دو چکر لگائے جائیں
تو کتنا ؟

۱۰۰ گز ۷۵ گز
۱۲۵ گز

۱۰۵ ایک گاؤں کی مالگزاری ۹۶۵ روپے -
دوسرے کی ۱۰۱۵ روپے - تیسرے کی
۲۳۷ روپے ہے - تو تینوں گاؤں کی
مالگزاری بتاؤ ؟

۱۰۶ ایک زمیندار نے ایک ساہوکار کا
کُل روپیہ اِس طرح سے چار قسطوں
میں ادا کیا :-
پہلی قسط میں ۱۵۰ روپے - دوسری میں
۷۵ روپے - تیسری میں ۱۸۵ روپے اور
چوتھی میں ۱۰۷ روپے بتاؤ - کُل کتنے
روپے ادا کئے ؟

۱۰۷ ایک کھیت کی لنبائی ۱۵۶ فٹ - اور چوڑائی ۱۴۴ فٹ ہے - اُس کے گرد گھومنے میں کتنا فاصلہ طے کرنا پڑے گا؟

۱۵۶ فٹ

۱۴۴ فٹ ۱۴۴ فٹ

۱۵۶ فٹ

۱۰۸ ایک ٹوکرے میں ۳۲ سیب، ۱۸ نارنگیاں - دوسرے میں ۳۵ سیب، ۱۳ نارنگیاں تھیں - بتاؤ - دونو ٹوکروں میں سیب کتنے تھیں اور نارنگیاں کتنی؟

۱۰۹ ایک شخص نے ۷۵۲ روپئے اپنی بیوی کو دیئے، ۳۳۵ روپئے اپنی لڑکی کو - اور لڑکے کو اُن دونو کے برابر روپئے دیئے - بتاؤ - اُس نے کُل کتنا روپیہ دیا؟

تفریق

۱۵ مثال - ایک لڑکے کے پاس ۸ پیسے تھے - اُس نے ۵ پیسے خرچ کر دیئے - بتاؤ - اُس کے پاس کتنے پیسے باقی رہے؟

۸ آٹھ میں سے پانچ گئے -
۵
---
۳ باقی رہے تین ۔

اِس مثال میں ۸ بڑے عدد سے ۵ چھوٹا عدد گھٹایا گیا ہے - اِس طرح بڑے عدد سے چھوٹا عدد گھٹانے کو **تفریق** کہتے ہیں - اور جو جواب آتا ہے - اُسے **باقی یا حاصل تفریق** کہتے ہیں - اُوپر کی مثال میں ۳ حاصل تفریق ہے ۸ و ۵ کا ۔

تفریق کی جدول

صورت اول

۲ − ۱ = ۱	۳ − ۲ = ۱	۴ − ۳ = ۱	۵ − ۴ = ۱	۶ − ۵ = ۱	۷ − ۶ = ۱	۸ − ۷ = ۱	۹ − ۸ = ۱	۱۰ − ۹ = ۱	۱۱ − ۱۰ = ۱
۳ − ۱ = ۲	۴ − ۲ = ۲	۵ − ۳ = ۲	۶ − ۴ = ۲	۷ − ۵ = ۲	۸ − ۶ = ۲	۹ − ۷ = ۲	۱۰ − ۸ = ۲	۱۱ − ۹ = ۲	۱۲ − ۱۰ = ۲
۴ − ۱ = ۳	۵ − ۲ = ۳	۶ − ۳ = ۳	۷ − ۴ = ۳	۸ − ۵ = ۳	۹ − ۶ = ۳	۱۰ − ۷ = ۳	۱۱ − ۸ = ۳	۱۲ − ۹ = ۳	۱۳ − ۱۰ = ۳
۵ − ۱ = ۴	۶ − ۲ = ۴	۷ − ۳ = ۴	۸ − ۴ = ۴	۹ − ۵ = ۴	۱۰ − ۶ = ۴	۱۱ − ۷ = ۴	۱۲ − ۸ = ۴	۱۳ − ۹ = ۴	۱۴ − ۱۰ = ۴
۶ − ۱ = ۵	۷ − ۲ = ۵	۸ − ۳ = ۵	۹ − ۴ = ۵	۱۰ − ۵ = ۵	۱۱ − ۶ = ۵	۱۲ − ۷ = ۵	۱۳ − ۸ = ۵	۱۴ − ۹ = ۵	۱۵ − ۱۰ = ۵
۷ − ۱ = ۶	۸ − ۲ = ۶	۹ − ۳ = ۶	۱۰ − ۴ = ۶	۱۱ − ۵ = ۶	۱۲ − ۶ = ۶	۱۳ − ۷ = ۶	۱۴ − ۸ = ۶	۱۵ − ۹ = ۶	۱۶ − ۱۰ = ۶
۸ − ۱ = ۷	۹ − ۲ = ۷	۱۰ − ۳ = ۷	۱۱ − ۴ = ۷	۱۲ − ۵ = ۷	۱۳ − ۶ = ۷	۱۴ − ۷ = ۷	۱۵ − ۸ = ۷	۱۶ − ۹ = ۷	۱۷ − ۱۰ = ۷
۹ − ۱ = ۸	۱۰ − ۲ = ۸	۱۱ − ۳ = ۸	۱۲ − ۴ = ۸	۱۳ − ۵ = ۸	۱۴ − ۶ = ۸	۱۵ − ۷ = ۸	۱۶ − ۸ = ۸	۱۷ − ۹ = ۸	۱۸ − ۱۰ = ۸
۱۰ − ۱ = ۹	۱۱ − ۲ = ۹	۱۲ − ۳ = ۹	۱۳ − ۴ = ۹	۱۴ − ۵ = ۹	۱۵ − ۶ = ۹	۱۶ − ۷ = ۹	۱۷ − ۸ = ۹	۱۸ − ۹ = ۹	۱۹ − ۱۰ = ۹
۱۱ − ۱ = ۱۰	۱۲ − ۲ = ۱۰	۱۳ − ۳ = ۱۰	۱۴ − ۴ = ۱۰	۱۵ − ۵ = ۱۰	۱۶ − ۶ = ۱۰	۱۷ − ۷ = ۱۰	۱۸ − ۸ = ۱۰	۱۹ − ۹ = ۱۰	۲۰ − ۱۰ = ۱۰

تفریق کی جدول

صورتِ دوم

١١ - ١ = ١٠	١٢ - ٢ = ١٠	١٣ - ٣ = ١٠	١٤ - ٤ = ١٠	١٥ - ٥ = ١٠
١٢ - ١ = ١١	١٣ - ٢ = ١١	١٤ - ٣ = ١١	١٥ - ٤ = ١١	١٦ - ٥ = ١١
١٣ - ١ = ١٢	١٤ - ٢ = ١٢	١٥ - ٣ = ١٢	١٦ - ٤ = ١٢	١٧ - ٥ = ١٢
١٤ - ١ = ١٣	١٥ - ٢ = ١٣	١٦ - ٣ = ١٣	١٧ - ٤ = ١٣	١٨ - ٥ = ١٣
١٥ - ١ = ١٤	١٦ - ٢ = ١٤	١٧ - ٣ = ١٤	١٨ - ٤ = ١٤	١٩ - ٥ = ١٤
١٦ - ١ = ١٥	١٦ - ٢ = ١٥	١٨ - ٣ = ١٥	١٩ - ٤ = ١٥	٢٠ - ٥ = ١٥
١٧ - ١ = ١٦	١٨ - ٢ = ١٦	١٩ - ٣ = ١٦	٢٠ - ٤ = ١٦	٢١ - ٥ = ١٦
١٨ - ١ = ١٧	١٩ - ٢ = ١٧	٢٠ - ٣ = ١٧	٢١ - ٤ = ١٧	٢٢ - ٥ = ١٧
١٩ - ١ = ١٨	٢٠ - ٢ = ١٨	٢١ - ٣ = ١٨	٢٢ - ٤ = ١٨	٢٣ - ٥ = ١٨
٢٠ - ١ = ١٩	٢١ - ٢ = ١٩	٢٢ - ٣ = ١٩	٢٣ - ٤ = ١٩	٢٤ - ٥ = ١٩

مثال ۱ ۵۸ میں سے ۲۶ تفریق کرو۔

اِس شکل میں ۵ دہائیاں
اور ۸ اِکائیاں ہیں۔
۸ اکائیوں میں سے ۶
اِکائیاں نکالیں ۔ تو ۲
اِکائیاں بچیں۔
اور ۵ دہائیوں سے ۲ دہائیاں نکالیں۔
تو ۳ دہائیاں باقی رہیں۔
اِس لئے ۵۸ میں سے ۲۶ نکالنے سے
۲ اکائیاں اور ۳ دہائیاں یعنی ۳۲ باقی
بچے۔
اِس سوال کو اِس طرح حل کریں گے۔

اِکائی	دہائی
۸	۵
۶	۲
۲	۳

مثال ۲۔ موہن کے پاس ۳۷ آم ہیں۔

اُس نے ۴۶ آم بیچ دیئے - بتاؤ- اُس
کے پاس باقی کتنے رہے ؟

اکائی	دہائی
۳	۷
۶	۴
۷	۲

چونکہ ۳ اکائیوں میں سے ۶ اکائیاں
گھٹا نہیں سکتے - اس لئے سات دہائیوں
میں سے ایک دہائی یعنی ۱۰ اکائیاں
لے کر ۳ اکائیوں میں جمع کیں - اب
کُل ۱۳ اکائیوں میں سے ۶ اکائیاں
تفریق کیں - ۷ اکائیاں باقی رہیں -
ان کو اکائیوں کے نیچے لکھا - پھر ۶
دہائیوں میں سے ۴ دہائیوں کو گھٹایا -
تو باقی ۲ دہائیاں رہیں - اس لئے باقی
۲ دہائیاں اور ۷ اکائیاں رہیں - یعنی
۲۷ آم بچے ۔

مثال ۳ ۲۳۷۹ کو ۵۶۲۴ میں سے تفریق کرو۔

اکائی	دہائی	سینکڑا	ہزار
۴	۲	۶	۵
۹	۷	۳	۲
۵	۴	۲	۳

چونکہ ۹ اکائیاں ۴ اکائیوں سے بڑی ہیں۔ اس لئے ۲ دہائیوں میں سے ایک دہائی یعنی ۱۰ اکائیاں لے کر ۴ اکائیوں میں جمع کیں۔ تو ۱۴ اکائیاں ہوئیں۔ ۱۴ اکائیوں میں سے ۹ اکائیاں گھٹائیں۔ تو ۵ اکائیاں باقی رہیں۔ اب ۷ دہائیاں ۱ دہائی میں سے تفریق نہیں ہو سکتیں۔ اس لئے ۶ سینکڑوں میں سے ۱ سینکڑا یعنی ۱۰ دہائیاں لے کر ایک دہائی میں شامل کیا۔ تو ۱۱ دہائیاں ہوئیں۔ ان میں سے ۷ دہائیاں گھٹائیں۔ تو باقی

۴ دہائیاں بچیں۔ پھر ۳ سینکڑوں کو ۵ سینکڑوں میں سے گھٹایا۔ تو باقی ۲ سینکڑے رہے ۵ ہزار میں سے ۲ ہزار تفریق کئے۔ تو باقی ۳ ہزار بچے۔

پس باقی = ۳۲۴۵ ٭

۱۶ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔ کہ عددوں کی تفریق کا یہ قاعدہ ہوا۔

قاعدہ

چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے نیچے اسی طرح لکھو۔ جس طرح جمع کے عمل میں لکھتے ہیں۔ یعنی اکائیوں کے نیچے اکائیاں۔ دہائیوں کے نیچے دہائیاں وغیرہ وغیرہ۔ عمل دائیں طرف سے شروع کرو۔ اور ہر درجے کے ہندسے کو اس کے اوپر کے ہندسے میں سے تفریق کرو۔ اور جو کچھ باقی بچے۔

اُس کو نیچے لکھتے جاؤ - جب کبھی نیچے
کی سطر میں کوئی ہندسہ اپنے اُوپر کے
ہندسے سے بڑا ہو - تو اُوپر کے
ہندسے میں اس کے بائیں طرف کے
درجے سے ایک لے کر جمع کرو - اور
نیچے کا ہندسہ تفریق کرو - اسی طرح
کرتے جاؤ - جب تک کہ عمل ختم
نہ ہو جائے +

تفریق کے عمل کی صحت کا امتحان

۱۷ اوّل - چھوٹے عدد اور باقی کو جمع
کرو - اگر حاصل جمع بڑے عدد کے
برابر ہو - تو عمل صحیح ہے +
دوم - باقی کو بڑے عدد میں سے
تفریق کرو - اگر جواب چھوٹے عدد
کے برابر ہو - تو عمل درست ہے +
مثال ۲۳۷۹۸ کو ۹۷۶۲۱ میں سے

تفریق کرو۔

ثبوت ۱۔ چھوٹے عدد اور باقی کو جمع کیا۔

	چھوٹا عدد	۸ ۹ ۷ ۳ ۲
جمع کیا	باقی	۳ ۲ ۸ ۳ ۷
	بڑا عدد	۱ ۲ ۶ ۷ ۹

ثبوت ۲۔ بڑے عدد میں سے باقی کو گھٹایا۔

	بڑا عدد	۱ ۲ ۶ ۷ ۹
گھٹایا	باقی	۳ ۲ ۸ ۳ ۷
	چھوٹا عدد	۸ ۹ ۷ ۳ ۲

سوالاتِ نمبر ۱۰

(پہلے ۲۰ سوالوں کے جواب زبانی بتاؤ)

۱ بلند آواز سے گنتے جاؤ۔

(۱) ۱۰۰ میں سے دو دو گھٹا کر۔ مثلاً

۱۰۰، ۹۸، ۹۶ وغیرہ +

(۲) ۸۱ میں سے دو دو گھٹا کر۔ مثلاً

۸۱، ۷۹، ۷۷ وغیرہ +

(۳) ۸۸ میں سے چار چار گھٹا کر۔ مثلاً

۸۸، ۸۴، ۸۰ وغیرہ +

(۴) ۱۰۰ میں سے پانچ پانچ گھٹا کر۔ مثلاً

۱۰۰، ۹۵، ۹۰ وغیرہ +

(۵) ۹۰ میں سے چھ چھ گھٹا کر۔ مثلاً

۹۰، ۸۴، ۷۸ وغیرہ +

۲ سامنے کی شکل سے :-

(۱) اگر ۵ خانے نکال دیں۔ تو
کتنے خانے بچیں گے ؟

(۲) اگر ۶ خانے نکال دیں۔ تو
کتنے خانے باقی بچیں گے ؟

(۳) اگر ۱۲ خانے نکال دیں ۔ تو کتنے
خانے باقی بچیں گے ؟

۳ سامنے کی شکل سے :-

(۱) اگر ۱۰ خانے نکال دیں۔
تو کتنے خانے باقی رہیں گے ؟

(۲) اگر ۱۲ خانے نکال دیں ۔ تو کتنے

باقی رہیں گے ؟

(۳) اگر ۱۶ خانے نکال دیں - تو کتنے باقی رہیں گے ؟

(۴) اگر ۱۸ خانے نکال دیں - تو کتنے باقی رہیں گے ؟

(۵) اگر ۱۹ خانے نکال دیں - تو کتنے باقی رہیں گے ؟

۴ سامنے کی شکل سے :-

(۱) اگر ۱۲ خانے نکال دیں - تو کتنے خانے باقی رہیں گے ؟

(۲) اگر ۱۴ خانے نکال دیں - تو کتنے خانے باقی رہیں گے ؟

(۳) اگر ۱۸ خانے نکال دیں - تو کتنے خانے باقی رہیں گے ؟

۵ دوسری شکل میں پہلی سے کتنے خانے زیادہ ہیں ؟

۶ تیسری شکل میں پہلی شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں ؟

۷ دوسری شکل میں پہلی شکل سے کتنے خانے زیادہ ہیں ؟

تفریق کرو :—

۸ ۱۰ کو ۳۵ میں سے ، ۲۵ کو ۳۰ میں سے ، ۲۲ کو ۲۵ میں سے +

۹ ۲۲ کو ۲۶ میں سے ، ۳۶ کو ۳۹ میں سے ، ۴۳ کو ۴۸ میں سے +

۱۰ ۱۵ کو ۲۵ میں سے ، ۳۵ کو ۳۹ میں سے ، ۲۶ کو ۳۶ میں سے +

۱۱ ۳۱ کو ۳۵ میں سے ، ۴۲ کو ۴۷ میں سے اور ۵۶ کو ۶۶ میں سے +

۱۲ ۲۰ کو ۴۰ میں سے ، ۲۰ کو ۴۵ میں سے ، ۲۰ کو ۵۰ میں سے اور ۲۰ کو ۵۵ میں سے +

۱۳ ۲۵ کو ۵۰ میں سے ، ۲۵ کو ۶۵

میں سے اور ۲۵ کو ۴۰ میں سے +

۱۴ ۲۰ کو ۸۰ میں سے ، ۳۲ کو ۴۳ میں
سے اور ۲۳ کو ۶۳ میں سے +

۱۵ ۱۳ و ۲۵ کی حاصِل جمع ۳۰ سے کِتنی
بڑی ہے۔ اور ۱۰ و ۳۰ کی حاصِل جمع
۳۵ سے کِتنی بڑی ہے ؟

۱۶ ۱۲ میں کیا جمع کیا جائے ۔ کہ ۲۰
بن جائیں ۔ اور ۴۴ میں کیا جمع کیا جائے۔
کہ حاصِل جمع ۵۰ ہو جائے ؟

۱۷ ۳۵ آم میں سے ۱۵ آم گئے ۔ کِتنے
بچے ؟

۱۸ ۳۰ روپوں میں سے کِتنے نکالیں ۔ کہ
باقی ۲۵ رہ جائیں ؟

۱۹ ۱۵ میں کیا جمع کریں ۲۳ بن جائیں ؟

۲۰ ایک ٹوکرے میں ۵۶ آم ہیں ۔ اُن
میں سے ۱۶ نکال لئے ۔ تو باقی کِتنے
رہے ؟

تفریق کرو :—

۲۱	۲۲	۲۳
۳۶ − ۲۳	۳۸ − ۱۸	۴۶ − ۱۵

۲۴	۲۵	۲۶
۵۴ − ۲۴	۵۹ − ۴۶	۶۸ − ۴۳

۲۷	۲۸	۲۹
۳۹۵ − ۱۸۴	۳۱ − ۱۲	۴۲ − ۲۹

۳۰	۳۱	۳۲
۳۷ − ۱۸	۶۷ − ۲۸	۸۵ − ۲۷

۳۳	۳۴	۳۵
۵۰ − ۱۷	۵۶ − ۳۸	۸۰ − ۲۳

۳۶	۳۷	۳۸
۸۲ − ۳۷	۹۰ − ۳۸	۶۱ − ۳۷

۳۹ ۹۳ ۶۹	۴۰ ۶۴۵ ۳۲۵	۴۱ ۵۷۶ ۳۴۹
۴۲ ۴۷۲ ۳۴۵	۴۳ ۵۸۷ ۴۳۸	۴۴ ۴۵۰ ۳۲۵
۴۵ ۸۳۳ ۴۲۷	۴۶ ۷۱۴ ۲۷۶	۴۷ ۶۳۲ ۳۲۷
۴۸ ۵۴۰ ۲۲۴	۴۹ ۳۷۸ ۱۶۹	۵۰ ۲۹۰ ۲۷۸
۵۱ ۳۲۵ ۱۳۴	۵۲ ۴۱۸ ۲۴۶	۵۳ ۵۰۹ ۴۱۶
۵۴ ۷۳۹ ۲۶۵	۵۵ ۸۷۲ ۳۸۱	۵۶ ۶۷۳ ۵۹۲

۵۷	۷۰۳	**۵۸**	۶۰۴	**۵۹**	۷۲۹
	۲۸۱		۱۸۲		۲۸۴
۶۰	۵۰۷	**۶۱**	۶۱۳	**۶۲**	۴۳۱
	۲۵۴		۲۰۸		۳۹۲
۶۳	۶۸۳	**۶۴**	۵۸۷	**۶۵**	۲۸۶۵
	۳۹۶		۲۹۹		۱۶۷۹
۶۶	۱۸۳۴۵	**۶۷**	۹۱۸۲		
	۸۷۵۶		۸۱۲۷		
۶۸	۶۷۵۹	**۶۹**	۷۰۴۶		
	۲۸۶۹		۸۰۷		
۷۰	۶۲۸۳۱	**۷۱**	۴۲۶۵۷		
	۴۸۰۷۲		۱۴۹۵۸		

۷۲   ۹۴۰۸۷
۷۶۴۹۸

---

۷۳   ۱۲۷۹۵
۸۰۹۶

---

۷۴   ۳۳۴۵۶
۱۷۷۴۸

---

۷۵   ۹۵۹۳۴
۴۸۵۶۶

---

۷۶   ۴۴۴۴۴
۳۴۵۶۷

---

۷۷   ۹۰۴۰۱
۵۸۲۷۰

---

۷۸   ۹۶۵۷۱
۹۲۵۸۴

---

۷۹   ۶۱۳۷۴
۴۸۲۹۸

---

۸۰ ۷۰۹۳۲ اور ۷۶۳۲۵ کا فرق بتاؤ +

۸۱ ۸۵۴۶۲ کتنا بڑا ہے ۴۳۲۵۶ سے ؟

۸۲ دو عددوں کا مجموعہ ۶۰۰۴ ہے۔

اور ایک عدد ۱۰۰۹۰ ہے۔ دُوسرا عدد بتاؤ +

۸۳ گیارہ ہزار دو سو بیس سے سات ہزار باون تفریق کرو +

۸۴ بائیس ہزار پانچ بیس سے تیرہ ہزار ایک سو سترہ گھٹاؤ +

۸۵ حل کرو :-

(۱) ۳۵۸۷ - ۲۸۹۲ +

(۲) ۱۲۲۴ + ۶۳۷۸ - ۶۰۵۴ +

۸۶ ۵۳۷، ۹۰۵، ۱۵۳۰ کے مجمُوعے میں کیا زیادہ کریں۔ کہ ۱۰۰۰۰ ہو جائیں ؟

۸۷ ۳۵۳۲، ۸۰۷۲، ۲۳۰۹۹، ۵۶۳۸۵ کے مجمُوعے میں کیا بڑھائیں۔ کہ حاصل جمع ۱۰۰۰۰۰ ہو جائے ؟

۸۸ ۳۶۵ دِن میں سے ۲۵۷ دِن مدرسہ کھُلا۔ بتاؤ۔ کتنے دِن مدرسہ بند رہا ؟

۸۹ ایک آدمی کے پاس ۳۴۹ انڈے

تھے - اُس نے ۱۸۷ اینچ دیئے - بتاؤ - باقی کتنے رہتے ؟

۹۰ ایک مدرسے میں ۴۷۳ لڑکے پڑھتے ہیں - اُن میں سے ۳۸۹ حاضر ہیں - تو بتاؤ - غیر حاضر کتنے ہیں ؟

۹۱ ایک صندوق میں ۴۸۳ روپے تھے ۲۴۹ روپے نکال لیئے - تو بتاؤ - باقی روپے صندوق میں کتنے رہے ؟

۹۲ ایک آدمی کے پاس ۳۰۰ روپے تھے - اُس نے ۱۷۲ روپے کے گیہوں اور ۳۸ روپے کے جو خریدے - بتاؤ - اُس کے پاس کتنے روپے باقی رہے ؟

۹۳ رام درخت سے ۱۰۰ قدم کے فاصلے پر ہے - اور شام ۲۴ قدم کے فاصلے پر - بتاؤ - شام رام سے کتنے قدم کے فاصلے پر

ہے ؟

۹۴ ایک قصبے کی آبادی ۸۳۷۱۹ ہے۔ اُس میں مرد ۹۸۶۵ ہیں ۔ تو باقی عورتیں بتاؤ +

۹۵ ایک کتاب کے ۸۷ صفحے ہیں ۔ اگر اُن میں سے ۴۹ پڑھ لیئے ۔ تو بتاؤ۔ باقی کتنے رہے ؟

۹۶ ایک امتحان میں ۸۳۴۵ لڑکے شامل ہُوئے ۔ جن میں سے ۷۸۴۳ پاس ہُوئے ۔ تو بتاؤ۔ کتنے لڑکے فیل ہُوئے ؟

۹۷ میرے پاس ۲۷ آم ہیں۔ اور میرے بھائی کے پاس ۱۸۳ ۔ تو بتاؤ۔ میں کتنے اور خریدُوں ۔ کہ میرے پاس اُس کے آموں کے برابر ہو جائیں ؟

۹۸ ایک قصبے کی آبادی سنہ ۱۹۰۱ء میں ۶۴۷۶۱ تھی اور سنہ ۱۹۱۱ء میں ۷۶۴۶۸ تھی تو بتاؤ۔ اِس عرصے میں کتنی زیادتی

ہوئی ؟

۹۹ نیچے لکھے ہوئے جمع کے سوالوں میں چوتھی رقم معلوم کرو :-

(۱)	(۲)
۱۳۵	۲۳۷
۲۱۴	۱۸۳
۳۱۱	۳۰۵
---	---
۷۲۵	۸۰۰

۱۰۰ ایک آدمی نے پہلے روز ۴۷ میل سفر طے کیا۔ اور دوسرے روز ۱۹ میل کم۔ تو بتاؤ۔ اُس نے دوسرے روز کتنا سفر طے کیا ؟

۱۰۱ لنڈن کا فاصلہ بمبئی سے ایک راستے ۶۲۷۴ میل اور دوسرے راستے ۵۴۶۷ میل ہے۔ بتاؤ۔ دونو فاصلوں میں کیا فرق ہے ؟

۱۰۲ ایک آدمی سال میں ۳۰۶۰ روپے

کماتا ہے - اور ۸۰۷ روپے خرچ کرتا ہے تو بتاؤ - اس کی بچت کس قدر ہے ؟

۱۰۳ رحیم اور کریم کی کل جائداد ۱۰۰۰۰ روپے کی ہے - اگر رحیم کا حصہ ۵۳۸۹۰ روپے ہو - تو بتاؤ - کریم کا حصہ کتنا ہے ؟

۱۰۴ ایک زمیندار کے ہاں جو - چنے - گیہوں تینوں قسم کا اناج ۱۰۰۰ من ہوا - اگر چنے ۳۵۰ من - جو ۴۲۵ من ہوئے ہوں - تو بتاؤ - گیہوں کتنے پیدا ہوئے ؟

۱۰۵ ایک زمیندار نے ساہوکار سے ۵۰۰ روپے لئے - اگر وہ ۱۳۵ روپے دے دے - تو بتاؤ - زمیندار کو ساہوکار کا کتنے روپے قرض دینا رہا ؟

۱۰۶ ایک شخص کے پاس ۳۰۰ من دھان ہیں - اس میں سے ۱۷۹ من چاول

نکلے - بتاؤ - باقی چھٹا کتنا نکلا ؟

۱۰۷ نیچے لکھے ہوئے تفریق کے سوالوں میں دوسری رقم معلوم کرو :-

(۱) ۱۰۲۵ (۲) ۴۲۰۳

. . . .

۳۲۸   ۱۰۴۳

۱۰۸ ایک زمیندار کے پاس ۱۰۰ روپے تھے اُس نے ۲۹ روپے کے چاول ۲۰ روپے کی شکر ۲۵ روپے کا گھی مول لیا - بتاؤ - اُس کے پاس کتنے روپے باقی بچے ؟

۱۰۹ رام کے پاس ۱۰۰۰ روپے ہیں - اُس نے شام کو ۲۲۵ روپے اور ہرنام کو ۸۴۷ روپے دیئے ہیں - اِن دونو کو روپے دے کر رام کے پاس کتنے روپے باقی بچیں گے ؟

۱۱۰ امیر نے دو آدمیوں سے ۲۷۵ روپے

و ۲۱۷ روپے لینے ہیں۔ اور دو
آدمیوں کے ۱۲۵ و ۳۱۶ روپے
دینے ہیں۔ بتاؤ۔ اُس نے کتنے روپئے
زیادہ لینے ہیں؟

۱۱۱ میرے پاس ۵۰۰ روپے تھے۔ میں نے
دو دوستوں میں سے ہر ایک کو ۱۱۵
روپے دئے۔ اور ۱۲۷ روپے کے گیہوں
مول لئے۔ بتاؤ۔ میرے پاس کیا بچا؟

۱۱۲ گھوڑے۔ گاڑی اور زین کی قیمت
۸۵۰ روپے ہے۔ گھوڑے کی ۲۵۸
روپے۔ زین کی قیمت ۱۳۷ روپے
ہے۔ گاڑی کی قیمت بتاؤ +

مُتفرّق سوالاتِ نمبر ۱۱

۱ رام کے پاس ۵۰ روپے تھے - اُس نے ۱۸ روپے کا گھی اَور ۱۵ روپے کے گیہوں مول لیئے - بتاؤ - اُس کے پاس باقی کیا بچا ؟

۲ ایک دُکاندار کے پاس ۱۰۰۰ کتابیں تھیں - اُس نے ۲۷۵ کتابیں ایک دِن اَور ۳۲۵ کتابیں دُوسرے دِن بیچیں - بتاؤ - اُس کے پاس کتنی کتابیں باقی رہیں ؟

۳ ایک پھل بیچنے والے نے ۲۲۵ نارنگیاں مول لیں - اُس نے ۲۱۵ نارنگیاں بیچ دیں - اَور اگلے روز ۱۴۵ نارنگیاں اَور لے آیا - بتاؤ - اب اُس کے پاس

کتنی نارنگیاں ہو گئیں ؟

۴ ایک کارخانے میں تین منشی ہیں۔ ان کی کل تنخواہ ۱۰۰ روپے ماہوار ہے۔ چھوٹے منشی کو ۲۵ روپے ماہوار۔ دوسرے کو ۳۰ روپے ماہوار ملتے ہیں۔ بتاؤ۔ تیسرے منشی کو کیا تنخواہ ملتی ہے ؟

کتنے ہوتے ہیں :—

۵ ۲۴ + ۱۶ − ۲۰ ؟

۶ ۲۸ + ۳۲ − ۲۰ ؟

۷ ۴۷ + ۱۳ − ۱۷ ؟

۸ ۱۲۵ + ۲۵ − ۴۰ ؟

۹ ۲۳۵ + ۱۵ − ۲۱ ؟

۱۰ ۵۵ + ۱۵ − ۴۰ ؟

۱۱ ایک چھکڑے میں ۳۵ من۔ دوسرے میں ۲۵ من چاول تھے۔ ان میں سے ۱۵ من چاول بیچے۔ بتاؤ۔ کتنے من

چاول باقی رہے؟

۱۲ ایک کھیت میں دو سو من جو۔ دُوسرے میں ایک سو پچاس من جو پیدا ہوئے۔ ان میں سے دو سو پچاس من بیچ دیئے۔ تو بتاؤ۔ باقی کتنے رہے؟

۱۳ ایک گُوجر کے پاس ۵۰ گائیں تھیں۔ اُن میں سے ۱۵ گائیں بیچ دیں۔ اَور ۵ گائیں کھوئی گئیں۔ بتاؤ۔ باقی کتنی بچیں؟

